Checked
1997

فہرستِ اخباراتِ ہند

CHECKED

اِس میں تمام ہندوستان کے ہر زبان کے

(۶۴۰) اخبارات اور رسالجات کا نام

معہ مقام - زبان - میعادِ اشاعت - اغراض و

مقدارِ قیمت وغیرہ ضروری اُمور سمیت درج ہے

سنہ ۱۹۰۴ء

کارخانہ پیسہ اخبار کے خادم التعلیم سٹیم پریس لاہور میں منشی محمد عبد العزیز
منیجر کے اہتمام سے طبع ہوئی

فہرست اخبارات ہند

بعض اوقات اہل ملک کو کوئی اخبار خریدنے کے لئے اپنے مطلب کا اچھا اخبار یا رسالہ انتخاب کرنے کے واسطے اور بعض اوقات سوداگروں کو اخبارات میں اشتہار دینے کے لئے یا عوام الناس کو ملک کے اخبارات کی واقفیت پیدا کرنے کے لئے ہندوستان میں ہر زبان میں چھپنے والے اخبارات کی فہرست کی ضرورت پڑتی ہے مگر ایسی مستقل فہرست کہیں نہیں ملتی۔ خریداران پیسہ اخبار نے بارہا مجھ سے دریافت کیا۔ کہ اخبارات کی فہرست کہاں سے مل سکتی ہے۔ اور متواتر میں نے انہیں بتلایا ہے کہ یا تو ٹھیکر ڈائرکٹری میں جس کی قیمت چھبیس روپے ہیں۔ ایسی فہرست انگریزی میں چھپتی ہے۔ اور یا کارخانہ پیسہ اخبار کی نادر جنتری بابت سنہ ۱۸ میں اخبارات کی فہرست اردو میں چھپی تھی۔ کہ جس کی قیمت ایک روپیہ ہے۔ اس لئے میں نے ارادہ کیا۔ کہ ایک جدید فہرست اخبارات ہند اردو میں چھپائی جائے۔ کہ جس سے اخبار کا نام مقام پتہ نشان زبان قیمت اور مقصد معلوم ہو سکے۔ چنانچہ یہ چند اوراق دو امید ہے۔ یہ خدمت حسب اطمینان ناظرین انجام دے سکیں گے۔ کیونکہ ان میں بڑی احتیاط سے اخبارات و رسالجات کے نام درج کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اور اگر اسے کبھی دوبارہ چھپنے کا موقع ملا۔ تو اس میں مختلف اخبارات کی عمر اور مالک یا منیجر کا نام بھی لکھنے کی کوشش کی جائیگی۔

ہندوستان میں اخبار نویسی کی حالت آج کل عجیب انقلاب کی ہے جیسا کہ ہر ملک میں تہذیب کی ابتدائی حالت میں ہوتا ہوگا۔ اخبارات بہت کم سرمایہ سے جاری کئے جاتے ہیں معمولی لیاقت اور تجربہ کے آدمی بلا کسی خاص اصول کے عموماً اخبار جاری کرتے ہیں۔ اس لئے اخبارات کامیاب کم ہوتے ہیں۔ اور یہی وجہ ہے کہ ان کی عمر بھی نہیں ہوتی ممکن ہے۔ کہ ایک اخبار جو آج جاری ہے۔ کل خاموشی سے بند ہو جائے۔ ایک نیا اخبار پرسوں جاری ہو جائے۔ اور دس بیس برس کے جاری اخبارات کا ہمیشہ سمجھا جائیگا۔ اور ایک تیسرا اخبار جو دس پانچ سال سے بند تھا

یکایک دو بارہ یا سہ بارہ جاری ہو جائے۔ جبکہ ملک کے اخبارات کی یہ حالت ہے تو اُن کی ایسی فہرست تیار کر سکنا کہ جو ہر لحاظ سے مکمل ہو۔ بہت مشکل ہے۔ چنانچہ منسلکہ فہرست میں کہ جس کے مکمل کرنے کی ہر طرح سے کوشش کی گئی ہے۔ ممکن ہے بعض اخبارات جو بند ہیں۔ وہ جاری دکھائے گئے ہوں۔ اور چند دوسرے جو ابھی جاری ہوئے ہیں۔ یا دیر سے جاری ہیں۔ مگر مشہور نہیں ہیں۔ اُن کے نام درج نہ ہو سکے ہوں۔ تاہم بہ حیثیت مجموعی اسے مکمل کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

محبوب عالم نومبر سنہ ۱۹۰۴

الف

آبزرور (انگریزی) بیرون دہلی دروازہ لاہور سے ہر بدھ و شنبہ کے روز شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ برٹش انڈیا کے لئے ۱۲ روپیہ بیرون برٹش انڈیا سے اجرا ایک پونڈ۔ مقصد مسلمانوں کی ترقی و بہبود۔

اپا سرا (بنگالی) راجہ نو کرشن سٹریٹ کلکتہ سے ماہوار شائع ہوتا ہے قیمت ڈیڑھ روپیہ سالانہ + اس میں کہانیاں، نظمیں۔ علمی اور سائنٹفک مضامین ہوتے ہیں۔

اپر برما گزٹ (انگریزی) منڈلے سے ہر شام کو شائع ہوتا ہے قیمت ماہوار تین روپیہ بلا محصول۔ مقصد کمرشل و شپنگ خبریں۔

اُپنا اُپدیش (ہندی) الہادی پیریا بازار شہر سے شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ دو روپیہ پیشگی۔ مقصد:- خالص قومی۔ مذہبی اور عموماً فلسفے کی باتیں اس میں درج ہوتے ہیں۔

اتفاق (اُردو) سادھورہ سے ہر مہینے میں چار بار شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ تمام سے تین روپیہ + مقاصد:- عام خبریں اور مختلف واقعات

اچھی سنگت - مقام گارو تورا ڈاکخانہ کوہ گارو آسام سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ چندہ چار آنے۔ مقاصد:- مذہبی اور تعلیمی۔

اچینتا وکتا - (ہندی) کلکتہ سے پانزدہ روز شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ تین روپیہ۔ معہ محصول ڈاک + مقاصد:- قومی۔ ملکی اور مذہبی

اخبار اسلام (گجراتی) بمبئی سے روزانہ شائع ہوتا ہے چندہ سالانہ چار روپیہ۔ مقصد:- مسلمانوں کے حقوق کی حفاظت وغیرہ۔

اخبار انجمن ہند (اُردو) لکھنؤ سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے سالانہ چندہ دس روپیہ مع محصول ڈاک ۱۲ آنے۔ مقصد۔ سوشل و مارل۔

اخبار دار السلطنت و اردو گائیڈ (اردو) ۱۸۸۱ء سے ہر جمعرات کو نمبر ۱۶ دھرم تالہ لین - کولوٹولہ کلکتہ سے شائع ہوتا تھا - (اب کچھ عرصہ سے بند ہے - چندہ سالانہ ۴ روپئے - مقصد - حکمرانوں اور رعایا کے درمیان اچھے خیالات پھیلانا -

اخبار سررشتہ تعلیم اودھ و ایجوکیشنل گزٹ (اردو) ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو نول کشور پریس لکھنؤ سے شائع ہوتا ہے - چندہ سالانہ ایک روپیہ دو آنے - مقصد - مضامین مفیدہ - صیغۂ تعلیم کے قواعد وغیرہ -

اخبار سوداگر سماچار بمبئی (گجراتی) بمبئی سے سوائے اتوار کے ہر روز شائع ہوتا ہے - چندہ - لوکل خریداروں کے لئے ۱۰ روپیہ - اور بیرونی خریداروں کے لئے ۱۲ روپیہ ۱۲ آنے - مقاصد - تجارتی اور عام تعلیم -

اخبار عام - (اردو) ۱۸۷۱ء سے شہر لاہور سے روزانہ اور ہفتہ وار شائع ہوتا ہے - سالانہ چندہ - روزانہ ۱۴ روپیہ - ہفتہ وار دو روپئے ۸ آنے مقاصد - پولیٹیکل - سوشل اور عام خبریں -

اخبار قیصری - (اردو) جالندھر شہر سے ہفتہ وار شائع ہوتا تھا - کچھ عرصے سے بند ہے - چندہ - ۱۰ روپیہ - ۸ روپئے - اور ۴ روپئے ۱۲ آنے - مختلف مدارج کے خریداروں کے لئے - مقصد - مضامین - خبریں اور نوٹ

اخبار ہفتہ وار (اردو) ہر ہفتہ کو لاہور سے شائع ہوتا تھا - (اب چار پانچ سال سے بند ہے - سالانہ چندہ - پانچ روپئے - مقصد - تعلیمی اور تجارتی ترقی -

ارکان ٹائمز - (انگریزی) اکیاب آرکن پریس اکیاب سے ہر سہ شنبہ پنجشنبہ اور شنبہ کو شائع ہوتا ہے - قیمت سالانہ لوکل خریداروں سے ۱۶ - اور بیرونجات کے خریداروں سے ۱۸ روپئے ہے - اس کا مقصد عام خبروں کا بہم پہنچانا ہے -

ارکان نیوز (انگریزی) اکیاب سے ایک روپیہ ماہوار چندہ پر شائع ہوتا ہے

اردو اخبار (اردو) ہر انگریزی مہینے میں ۴ دفعہ لاہور سے شائع

ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ ایک روپیہ ۸ آنے۔ مقاصد:۔ ملکی اور عام مضامین اور خبریں

اُردوئے معلیٰ (اُردو) علی گڑھ سے ہر انگریزی مہینے کی پہلی تاریخ کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ معہ محصول چار روپیے۔ مقاصد:۔ لٹریچری۔ تاریخی۔ علمی۔ اخلاقی وغیرہ مضامین اور اُردو لٹریچر کی ترقی۔

اوربنس پرکاش (اُردو) لاہور سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ ایک روپیہ ہے۔ مقصد:۔ سوشل رفارم۔

آرہ (انگریزی) نمبر ۱ اسٹینگر سٹریٹ کلکتہ ہر مہینے کی سولھویں تاریخ کو شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ ۳ روپیے ۸ آنے۔ مقصد:۔ آرمینین لٹریچر اور پالٹکس (ملکی معاملات) پر بحث۔

آریہ (انگریزی) مدراس سے ہر مہینہ کے آخری ہفتے میں شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ تین روپیے۔ مقصد:۔ مذہب فلسفہ علم ادب اور سائنس کی ترقی۔

آریہ پترا۔ (اُردو) آریہ سماج آرفینج رحیم خان بریلی سے ہر مہینے کی ۳۰ تاریخ کو شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ ایک روپیہ ۴ آنے۔ آریہ سماج آرفینج کو چندہ دینے والوں کو یہ رسالہ مفت دیا جاتا ہے۔ مقاصد:۔ مذہبی۔ سوشل۔ اخلاقی وغیرہ۔

آرمی نیوز (اُردو) ہر دوشنبہ کو شہر لودیانہ سے شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ ہندوستان۔ برہما۔ عدن و بلوچستان میں معمولی کاغذ پر تین روپیے چار آنے ممالک غیر سے۔ اعلیٰ کاغذ پر چار روپیے چار آنے۔ مقاصد:۔ صنعت و حرفت زراعت فوجی اور سول خبریں وغیرہ:۔

آریہ پتریکا (انگریزی) لاہور سے ہر ہفتے کی شام کو شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ پانچ روپیے۔ مقاصد مذہبی۔ سوشل اور اخلاقی وغیرہ۔

آریہ پربھا (بنگالی) بیمن سنگھ سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت فی کاپی چھ آنے ہے۔ مقصد:۔ ہندوستان قدیم کی عظمت اور صناعی فنون کو بالتشریح بیان کرنا۔

آریہ درپن (اردو و ہندی) شاہجہانپور سے ماہوار شایع ہوتا ہے چندہ سالانہ ۲ روپیے۔ یہ ایک مذہبی اور سوشل رسالہ ہے۔ اور اہل ہنود کی شادی بیوگان

کے مسئلہ کا موید۔

آریہ دھرم پرکاش (گجراتی) بمبئی سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ ایک روپیہ آٹھ آنے ہے۔ مقصد: ہندو دھرم کو وید کے مطابق ظاہر کرنا۔

آریہ سماچار (اردو) میرٹھ سے ہر مہینے کے آخر میں شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ ایک روپیہ ۱۲ آنے ہے۔ آریہ سماج کے اصول اور ویدک کی صداقت کو ظاہر و ثابت کرنا۔

آریہ ورت (ہندی) دانا پور سے ہر ہفتے کو شائع ہوتا ہے۔ چندہ تین روپیہ آٹھ آنے سالانہ۔ مقصد: مذہبی۔ سوشل۔ مارل۔ وغیرہ وغیرہ۔

آزاد (اردو) لاہور سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ اعلیٰ کاغذ دو روپئے معمولی کاغذ ایک روپیہ۔ مقاصد: علمی۔ اخلاقی۔ اور تاریخی مضامین۔

اڑیہ اینڈ نباسمباد (اڑیہ) بالاسور سے ہر بدھ کو شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ دو روپئے۔ مقصد: پالٹکس وغیرہ۔

آسام (آسامی اور انگریزی) گوہٹی سے شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ تین روپئے ہے۔ مقصد: آسامی علم ادب کو بڑھانا اور رعایا کے حالات سے گورنمنٹ کو آگاہ کرنا۔

آسام سول لسٹ ہر چہار ماہی کے بعد شائع ہوتا ہے۔ قیمت ایک روپیہ ہے۔

آسام گورنمنٹ گزٹ ہر ہفتہ کو آسام سیکریٹریٹ شلانگ سے انگریزی۔ بنگالی اور آسامی زبانوں میں چھپ کر شائع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ معہ محصول نو روپئے۔

اسائلم پریس المناک ڈائرکٹری اینڈ کمپنڈیم آف انٹلیجنس (انگریزی) ہر جنوری کے پہلے ہفتہ میں مونٹ روڈ مدراس سے شائع ہوتا ہے۔ چندہ پانچ سے سات روپئے فی کاپی۔ (جلد کے مطابق) مقاصد: ہر قسم کی واقفیت بہم پہنچانا۔

اشٹن گھرملیہ پاکچھا نوٹ۔ (سنسکرت) پانچ کار ٹولی سٹریٹ

کلکتہ سے شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ بارہ روپئے۔ مقصد:۔ آیورویدک طریقہ سے ادویات کے استعمال پر بحث وغیرہ۔

اسوسیرس اینڈ ٹریولرس گزٹ (انگریزی) تیرہ - ڈیوڈ جوز لین کلکتہ سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ پانچ روپئے ہے۔ مقصد:۔ محققوں اور سیاحوں کے انٹرسٹ کو ترقی دینا۔

آصف الاخبار (اردو) دہلی سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ عوام سے تین روپئہ۔ مستند شعرائے سے دو روپئے آٹھ آنے مقاصد:۔ مغربی اور مشرقی تاریخی مضامین۔ ملکی اور سوشل معاملات۔ اخلاقی۔ انگریزی فسانوں کے تراجم وغیرہ۔

اصلاح (اردو) ماہوار رسالہ کجھوہ سے شائع ہوتا ہے۔ اغراض مذہبی اسلامی۔ خصوصاً اہل تشیع کی تائید:۔ قیمت ع

آفتاب پنجاب اور خالصہ پرکاش۔ ہر سوموار کو لاہور سے اردو میں شائع ہوتا تھا۔ (کچھ عرصے سے بند ہے) سالانہ چندہ تین روپئے ہے۔ مقاصد:۔ خبریں پولٹیکل اخلاقی اور سوشل۔

آفتاب ہند (اردو) شہر جالندھر سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ معہ محصولڈاک تین روپئے۔ رؤسا سے بارہ روپئے۔ مقصد:۔ عام خبریں اور مضامین۔

افسانہ (اردو) ہر انگریزی مہینے کی پہلی تاریخ کو حیدرآباد دکن سے شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ تین روپئے۔ سکہ انگریزی و تین روپئے آٹھ آنے سکہ حالی۔ مقصد:۔ انگریزی ناولوں کا ترجمہ سلسلہ وار شائع کرنا۔

افضل الاخبار۔ دہلی سے ہفتہ وار اردو میں شائع ہوتا ہے چندہ سالانہ تین روپیہ۔ مقاصد:۔ پولیٹیکل اور سوشل مضامین:۔

اکسپرس (انگریزی) قیصرباغ لکھنؤ سے ہر جمعرات کو شائع ہوتا ہے سالانہ چندہ چھ روپئے۔ لوکل اور آٹھ روپئے مفصلات۔ مقصد:۔ بی آئی۔ ایسوسی ایشن اودھ کے تعلقداروں کا آرگن:۔

اکسچینج پرائس کرنٹ مارکٹ رپورٹ (انگریزی) بمبئی سے ہر ہفتہ شایع ہوتی ہے۔ چندہ سالانہ گیارہ روپئے دس آنے۔ فی کاپی چار آنے مقاصد:۔ عام سوداگری خبریں اور نرخ وغیرہ۔

آگرہ اخبار (اردو) آگرہ سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ بارہ روپئے۔ مقصد:۔ خبریں اور لٹریچر (علم ادب)

آگرہ اڈورٹائیزر اینڈ ایجوکیشنل ہیرلڈ چندہ پانچ روپئے سالانہ معہ محصولڈاک مقصد:۔ تعلیمی۔ اشتہارات کا عمدہ ذریعہ ہے۔

آگرہ کالج میگزین۔ (انگریزی) ہر مہینے کے اخیر میں آگرہ کالج سے شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ۔ کالج کے طلباء کے لئے ایک روپیہ۔ اور عوام کے لئے ایک روپیہ آٹھ آنے۔ مقاصد:۔ تعلیمی اور علمی۔ یہ اخبار کالج اور اس کے طلباء کے لئے مخصوص ہے۔

آگرہ کمرشل مسنجر۔ (انگریزی) ہر مہینے کی پانچویں اور بیسویں تاریخ کو پرتاب پور چھاؤنی سے شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ دو روپئے ہے۔ مقصد:۔ مذہبی۔ تجارتی اور اخلاقی وغیرہ وغیرہ۔

آگرہ گائیڈ اینڈ ڈائرکٹری (انگریزی) آگرہ سے شایع ہوتا ہے چندہ آٹھ آنے۔ یا ایک شلنگ۔ مقصد:۔ آگرہ اور اس کے باشندوں اور بیرونی تاجروں اور سوداگروں کے متعلق دلچسپ واقفیت بہم پہنچانا۔

آگرہ میڈیکل جرنل۔ انگریزی اور اردو میں وکٹوریہ پریس آگرہ سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ دو روپئے چار آنے۔ مقاصد:۔ جراحی دایہ گری اور حفظان صحت وغیرہ۔

الاحسان (اردو) ہر اسلامی مہینے میں ایک بار قصبہ کڑا ضلع الہ آباد سے شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ دو روپئے پیشگی۔ مقاصد:۔ تصوف اور اخلاق کے متعلق مضامین۔

الحکم (اردو) ہر جمعہ قادیان سے شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ ہندوستان میں دو روپئے چھ آنے ہندوستان سے باہر تین روپئے چھ آنے۔ مقتدیان

مرزا صاحب قادیانی کا اخبار ہے۔

البشیر (اُردو) اٹاوہ سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ چندہ تین روپے چار آنے سالانہ۔ مقاصد:۔ پولٹیکل و سوشل۔

الپنچ بانکی پور (اُردو) بانکی پور سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ عوام سے چھ روپے۔ مقاصد:۔ ملکی و تمدنی ترقی۔ سوشل اور اخلاقی اور ظریفانہ مضامین

الحق (ہندی) حیدرآباد سندھ سے شائع ہوتا ہے ہفتہ وار۔ مقاصد:۔ مسلمانوں کے حقوق کی حفاظت وغیرہ۔

الحکم (اُردو) قادیان۔ ضلع گورداسپور سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ قیمت پانچ روپے سالانہ۔ مقصد:۔ مرزا غلام احمد صاحب قادیان کے پیروں کے لئے مخصوص ہے۔ مضامین مذہبی۔ علمی۔ اور سوشل اور عام خبریں بھی ہوتی ہیں۔

اسٹیڈ پولیس نیوز (انگریزی) کلکتہ سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ ہندوستان اور لنکا کے لئے چار روپے۔ ممالک غیر کے لئے چھ روپے ہے۔ اور شنگھائی۔ ہانگ۔ کانگ وغیرہ کے لئے پانچ روپے ہے مقصد نام سے ظاہر ہے۔

الگزینڈرا گزٹ (اُردو) وزیر آباد سے مہینے میں چار بار شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ ۲ روپئے۔ ممالک غیر سے ۵ شلنگ۔ مقاصد:۔ عام معاملات اور خبریں

المروارید امین آباد۔ لکھنؤ سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ دو روپے مقاصد:۔ علم ادب مشتمل بر فسانہ۔

الموڑا اکبری (ہندی) اپریل سنہ ۱۸۷۱ء سے الموڑا سے ہفتہ میں دو بار شائع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ دو روپے چار آنے معہ محصول۔ لوکل خریداروں سے ایک روپیہ آٹھ آنے۔ مقصد:۔ سوشل اور پارلی ترقی۔

الوچونا (بنگالی) یہ رسالہ نمبر تراسی چٹپٹولہ روڈ ہوڑہ سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ ایک روپیہ چار آنے معہ محصول ڈاک۔ مقصد:۔ سوشل۔ مذہبی

اور ملکی معاملات پر بحث کرنا۔

امپیر (انگریزی) ٹھیکر سپنک اینڈ کمپنی سے چھپ کر اسے جے [illegible] کی طرف ہر دو ہفتے کے بعد شائع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت پیشگی سولہ روپیہ فی کاپی ایک روپیہ۔ عام واقعات کا ایک باتصویر رسالہ ہے۔

امپیریل (انگریزی) یہ پندرہ روزہ اخبار دہلی سے شائع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ دس روپیہ۔ مقاصد:۔ تجارت۔ زراعت۔ اور سوشل ریفارم وغیرہ۔

امپیریل اڈورٹائیزر۔ زراعت۔ تجارت اور دستکاری وغیرہ کا ایک پانزدہ روزہ رسالہ ہندوستان میں مفت تقسیم کیا جاتا ہے۔

امپیریل پیپر (اردو) ہر ہفتہ کو لاہور سے شائع ہوتا تھا۔ (آٹھ دس سال سے بند ہے) سالانہ چندہ بارہ روپیہ۔

امپیریل فورٹنائیٹلی (انگریزی) امپیریل بک ڈپو پریس سے ہر پہلی اور سولہویں تاریخ کو شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ دو روپیہ۔ مقاصد:۔ تجارت۔ زراعت۔ تعلیم نسواں۔ ٹمپرنس۔ حفظان صحت۔ سوشل ریفارم اور دیگر معاملات پر بحث وغیرہ۔

امرتا بازار پتریکا (انگریزی) کلکتہ سے روزانہ۔ ہفتہ وار اور ہفتہ میں دوبار شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ بالترتیب بیس۔ پانچ اور گیارہ روپیہ ہے۔ مقصد:۔ پبلک رائے کو پیش کرنا۔ اور اہل ملک کے حقوق کی وکالت کرنا۔

اندرا پرکاشیکا۔ (انگریزی اور تلیگو) آفس پکاچل ۱۹۱۔ مونٹ روڈ۔ مدراس سے ہر بدھ اور ہفتہ کو شائع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ چھ روپیہ۔ مقاصد:۔ پولیٹکل۔ سوشل اور جنرل۔

انتخاب لاجواب (اردو) کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت چار روپیہ ہے۔ اس میں دنیا بھر کے عجائبات حکمت وادب۔ علوم رسم ورواج۔ سوانح عمریاں۔ فسانے۔ دلچسپ کہانیاں۔ اور ہر قسم کی مفید کارآمد اور دلچسپ باتیں دنیا کے ہر مذاق کے اخبارات اور کتب سے انتخاب کر کے

درج کی جاتی ہیں۔ یعنے ہندوستان بھر میں اپنی قسم کا اردو لائیٹ لٹریچر کا اکیلا ہفتہ وار رسالہ ہے۔

انتھروپولوجیکل سوسائٹی آف بمبئی (جرنل آف)

(انگریزی) ایک سال میں تین بار بمبئی سے چھپ کر شائع ہوتا ہے۔ چندہ فی جلد جس میں ۸ نمبر ہیں۔ چھبیس روپئے۔ مقصد:۔ علم انسانی کو ترقی دینا۔

انڈین انجینیر (انگریزی) ۴ سکیاز سٹریٹ کلکتہ سے ہر ہفتہ کو شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ معہ محصولڈاک تین روپئے۔ مقصد:۔ ملکی۔ تجارتی اور صنعتی خبریں دینا۔

انڈین آرمی لسٹ (انگریزی) سپرنٹنڈنٹ گورنمنٹ پرنٹنگ انڈیا ۸ ہیسٹنگز سٹریٹ کلکتہ کے زیر اہتمام چھپ کر ہر چار مہینے کے بعد شائع ہوتی ہے قیمت تین روپئے آٹھ آنے معہ محصول۔

انڈین آرکیٹیکٹ (انگریزی) ۳ چورنگی روڈ کلکتہ سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ چودہ روپئے معہ محصول۔

انڈین امپائر (انگریزی) ۳ موہن لال میلین شام بازار کلکتہ سے ہر منگل کو شائع ہوتا ہے۔ تین روپئے سالانہ قیمت پتلے کاغذ کے لئے اور پانچ روپئے موٹے کاغذ کے لئے۔ مقاصد:۔ ملکی تعلیمی اور صنعتی۔

انڈین امپورٹ اینڈ ایکسپورٹ ٹریڈ جرنل

(انگریزی) ۲۲ اپیلو سٹریٹ سے انڈین کمرشل جرنل کمپنی لمیٹڈ بمبئی کی طرف سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ قیمت ۹ روپئے یا ۱۲ شلنگ۔ سوداگروں۔ تاجروں اور دستکاروں وغیرہ کے لئے ایک عمدہ رسالہ ہے۔

انڈین [illegible] (انگریزی) ۴ ڈلہوزی سکوئر کلکتہ سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ پہلا قیمت [illegible] ۱۲ [illegible] علمی اشتہار درج ہوتے ہیں۔

انڈین انٹی کیوری (انگریزی) ب۔ ای۔ ایس پریس بمبئی سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ چندہ بیس روپئے سالانہ۔ مقصد:۔ ہندوستان کی قدیم حالات کے متعلق تحقیقات۔

انڈین انجینئرنگ (انگریزی) سات گورنمنٹ پلیس سے ہر ہفتے کو شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ اٹھارہ روپئے۔ یا ایک روپیہ فی کاپی۔ مقصد:۔ انجینئری کا ایک با تصویر رسالہ

انڈین ایکو (انگریزی) ۱۰۴ سکیالز اسٹریٹ کلکتہ سے ہر ہفتہ کو شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت مع محصول تین روپئے۔ مقصد:۔ سوشل صنعتی اور ملکی مضامین۔

انڈین اینڈ ایسٹرن جرنل۔ (انگریزی) ۱۴ اکلائیو اسٹریٹ کلکتہ سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ ہندوستان اور سیلون کے لئے محصول ڈاک معاف) ۱۰ روپیہ۔ (مع ڈائری کے) مقصد:۔ انجینئرنگ اور اس کے متعلق مضامین۔

انڈین اینڈ سپورٹس مینز گائیڈ ٹو دی ٹرف۔ دیکھو ایشین پاکٹ بک۔

انڈین ایونجلیکل ریویو۔ (انگریزی) ۲۰ برٹش انڈین اسٹریٹ کلکتہ سے سہ ماہی وار شایع ہوتا ہے۔ قیمت پانچ روپئے سالانہ۔ فی کاپی ایک روپیہ چار آنے ایک مذہبی (عیسائی) رسالہ ہے۔

انڈین بریڈشا (انگریزی) ہندوستان کے ریلوے مسافروں کے لئے ایک گائیڈ ہے۔ چار ڈلہوزی سکوائر کلکتہ سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت فی کاپی آٹھ آنے یا سالانہ پانچ روپئے۔

انڈین پروگریس (انگریزی اور مرہٹی) بمبئی سے ہر سوموار کو شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت نو روپئے۔ مقاصد:۔ ملکی معاملات۔ تجارتی اور سوشل مضامین

انڈین پلانٹرز گزٹ اینڈ سپورٹنگ نیوز (جس میں ہیز سپورٹنگ نیوز وہ بھی شامل ہے) ۴۰ ہیسٹنگ اسٹریٹ کلکتہ سے ہر ہفتہ کو شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ مع محصول بیس روپئے ششماہی گیارہ روپئے۔ مقصد:۔ باغبانی اور [illegible] وغیرہ کا اخبار رسالہ ہے۔

انڈین پلانٹنگ اینڈ گارڈننگ (انگریزی) ۶ [illegible] اسٹریٹ کلکتہ سے ہر جمعرات کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ سولہ روپئے۔ ممالک غیر کے لئے

ایک پونڈ آٹھ شلنگ چھ پنس۔ معہ محصول ڈاک۔ مقاصد:- باغبانی اور زراعت۔

انڈین ٹٹمنس - (انگریزی) ۱۴ ہیم سٹریٹ بمبئی سے شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت چھ روپئے ہے۔

انڈین ٹریڈرز جرنل اینڈ دی انڈین بازار (ریا ہند و سوداگر) ۲۷ میڈوز سٹریٹ فورٹ بمبئی سے ہر مہینے کی پندرھویں تاریخ کو گجراتی میں شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ چار روپئے۔ محصول ڈاک معاف۔

انڈین ٹریڈ گزٹ - (انگریزی) ہر سوموار کو یورن لیمپ کلکتہ سے شایع ہوکر مفت تقسیم ہوتا ہے۔ مقصد:- تجارتی دنیا کی ضروریات کو رفع کرنا۔ اور ہر نئی ایڈیشن نئے لوگوں کے ہاتھوں میں پہنچانا۔

انڈین ٹریولرز گائیڈ - (انگریزی) بمبئی سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ پانچ روپئے۔ فی کاپی آٹھ آنے۔ مقصد:- ہر قسم کی ریلوے کی خبریں

انڈین ٹکسٹائل جرنل (انگریزی اور ورنیکلر) بمبئی سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت سات روپئے یا ۹ شلنگ ہے۔ ٹکسٹائل و انجنیری دستکاریوں کا ایک عمدہ رسالہ ہے۔

انڈین ٹیلیگرافسٹ (انگریزی) الہ آباد سے ماہوار شایع ہوتا ہے سالانہ قیمت چھ روپئے۔ مقصد:- علم برق کی ترقی اور انڈین ٹیلیگراف ڈیپارٹمنٹ کے ممبروں کے لئے عام دلچسپ خبریں بہم پہنچانا۔

انڈین جرنل آف ایجوکیشن - (انگریزی) مدراس سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ پانچ روپئے آٹھ آنے۔ غیر ممالک سے سات روپئے آٹھ آنے۔ مقصد:- تعلیمی۔

انڈین چرچ مین (انگریزی) بشپ کالج ۲۲۴ لوئر سرکلر روڈ کلکتہ سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ چار روپئے۔ ایک مذہبی رسالہ ہے۔

انڈین ڈرگسٹ (انگریزی) کانپور سے ہر جمعرات کو شایع ہوتا ہے۔ مقصد:- ہندوستانی ادویات۔

انڈین ڈیلی ٹیلیگراف (انگریزی) لکھنؤ سے روزانہ شایع

ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ چوبیس روپئے۔ مقصد: صوبجات متحدہ کے لئے دنیا کے تمام حصص سے آمدہ تار خبروں کا شایع کرنا۔

انڈین ڈرگسٹ (انگریزی) کانپور سے ہر جمعرات کو شایع ہوتا ہے۔ مقصد: ہندوستانی ادویات۔

انڈین ڈیلی نیوز (انگریزی) ۱۹ برٹش انڈین سٹریٹ کلکتہ سے روزانہ شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ تیس روپئے عہ ششماہی سولہ روپئے عہ سہ ماہی نو روپئے ماہوار تین روپئے۔ مقاصد: آزاد اخبار ہے۔ تجارتی۔ عام اور جہازی خبریں۔

انڈین ڈیلی نیوز اوورلینڈ سمری (انگریزی) ۱۹ برٹش انڈین سٹریٹ کلکتہ سے ہر جمعرات کو شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ بارہ روپئے بلا اور پندرہ روپئے معہ محصول ڈاک۔ مقصد: ہفتہ بھر کی خبروں کا خلاصہ۔

انڈین ریویو (انگریزی) اسپلینیڈ مدراس سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت پانچ روپئے ہے۔ مقصد: تمام دلچسپ اور مفید امور پر بحث کرنا۔

انڈین سائکلسٹ (انگریزی) ایک باتصویر ہفتہ وار رسالہ برٹش انڈین سٹریٹ کلکتہ سے شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ آٹھ روپئے۔ ششماہی پانچ روپئے۔ سہ ماہی تین روپئے۔ فی کاپی دو آنے۔

انڈین سپکٹیٹر اینڈ وائس آف انڈیا۔ (انگریزی) اٹکل پرنٹنگ پریس دلال سٹریٹ فورٹ بمبئی سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ ہندوستان کے لئے دس روپئے۔ ممالک غیر کے لئے ایک پونڈ معہ محصول۔ مقصد: سوشل اور پولیٹیکل امور پر بحث۔

انڈین سپورٹس مین (انگریزی) ۹ لال بازار کلکتہ سے ہر ہفتے کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ چھتیس روپئے۔ مقصد: کھیل کود۔ تماشے وغیرہ۔

انڈین سپورٹنگ ٹائمز۔ (انگریزی) ٹائمز آف انڈیا پریس بمبئی سے ہر اتوار کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت بارہ روپئے سالانہ۔ مقصد: ہر قسم کی ورزشیں کھیلیں۔ تماشے اور شکار وغیرہ۔

انڈین سنڈے سکول جرنل (انگریزی) بپٹسٹ مشن پریس کلکتہ سے ہر مہینے کی دسویں اور پندرھویں تاریخ کے درمیان شائع ہوتا ہے قیمت ایک روپیہ سالانہ۔ مقاصد۔ نوجوانوں کو بائبل کی تعلیم کی طرف مائل کرنا۔

انڈین سوشل ریفارمر (انگریزی) بمبئی سے ہر اتوار کو شائع ہوتا ہے سالانہ چندہ چار روپئے۔ مقصد۔ مارل اور سوشل ترقی۔

انڈین فارسٹر (انگریزی) پائینیر پریس الہ آباد سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ بارہ روپئے۔ فی کاپی ایک روپیہ۔ مقاصد۔ فارسٹری۔ زراعت شکار اور سیر و سفر وغیرہ۔

انڈین فوٹوگرافر (انگریزی) ۱۳۴ دھرم تولہ سٹریٹ کلکتہ سے ماہوار شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ چار روپئے۔ محصول ڈاک معاف۔ مقصد:۔ فوٹوگرافی سے متعلق مضامین۔

انڈین فیلڈ (انگریزی) آٹھ ہیر سٹریٹ سے ہر جمعرات کو شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ لوکل بائیس روپئے۔ مفصلات چھبیس روپئے۔ مقصد:۔ ہر قسم کی ورزشیں اور کھیلیں۔ نیچرل ہسٹری۔ باغبانی۔ تاش۔ شطرنج وغیرہ۔

انڈین کرانیکل ۔ دیکھو بہار ہیرلڈ اور انڈین کرانیکل۔

انڈین کرسچین میسنجر (انگریزی اور رومن اردو) یہ پندرہ روزہ رسالہ لکھنؤ سے شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ دو روپئے آٹھ آنے معہ محصول۔ اس کا مقصد دیسی عیسائیوں کو فائدہ پہنچانا ہے۔

انڈین لاء رپورٹس (انگریزی) گورنمنٹہائے بنگال۔ مدراس۔ بمبئی۔ اور صوبجات متحدہ آگرہ و اودھ کی طرف سے ۱۸۷۶ء سے ماہوار شائع ہوتی ہیں۔ سالانہ قیمت بائیس روپئے آٹھ آنے۔

انڈین لنسٹ (سابق میڈیکل رپورٹر) (انگریزی) پانچ رائڈ سٹریٹ سے مہینے میں دو بار شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ بارہ روپئے۔ مقصد: جراحی۔ طب۔ صحت عامہ اور عام طبی خبریں۔

انڈین لیڈیز میگزین (انگریزی) ایک باتصویر ماہوار رسالہ

مسٹر سیتا نادھن ایم اے امیڈٹل الاج رایاپٹا مدراس کی طرف سے شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت چار روپئے۔

انڈین مرر (انگریزی) ۱۹۴ کریک رو کلکتہ سے روزانہ شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت چوبیس ۲۴ روپئے۔ مفصلات بتیس ۳۲ روپئے۔ ممالک غیر (براہ ہندوستان) چونسٹھ ۶۴ روپئے۔

انڈین میکینک (انگریزی) یہ پانزدہ روزہ اخبار چنسورہ سے شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ دو روپئے۔ ہندوستان میں صنعت وحرفت کو پھیلانا اس کا مقصد ہے۔

انڈین میتھوڈسٹ ٹائمز (انگریزی) ۱۵ اصدر سٹریٹ کلکتہ سے ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ دو روپئے ہے۔ ویزلین چرچ ہندوستان کا آرگن ہے۔

انڈین میڈیکل ریکارڈ (انگریزی) پچاس ۵۰ پارک سٹریٹ کلکتہ سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ چھتیس ۳۶ روپئے۔ مقاصد:- طبی سائنس اور طبی خبریں۔

انڈین میڈیکل گزٹ (انگریزی) پانچ ۵ دھنیہ گورنمنٹ پلیس کلکتہ سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ ہندوستان ۱۲ روپئے۔ ممالک غیر چودہ روپئے۔ مقصد:- طب۔ جراحی۔ حفظان صحت اور عام طبی خبریں۔

انڈین میڈیکو چیرجیکل ریویو۔ (انگریزی) بمبئی مدراس و لنڈن سے ہر مہینے کی پندرھویں تاریخ کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ ۹ روپئے۔ مقصد:- عملی طب۔ جراحی اور حفظان صحت کی ترقی۔

انڈین میسنجر آف دی سیکرڈ ہارٹ - (انگریزی) رومن کاتھلک عیسائیوں کا مذہبی رسالہ بمبئی سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ ایک روپیہ۔

انڈین میونسپل جرنل اینڈ انڈسٹری ریکارڈ۔ (انگریزی) انڈین میکنٹل جرنل کمپنی لمٹیڈ بمبئی کی طرف سے ہر بدھ کو شایع ہوتا ہے

قیمت سالانہ دس روپئے آٹھ آنے - یا پندرہ ۱۵ شلنگ - انجینروں - ٹھیکہ داروں حفظانِ صحت کی انجمنوں وغیرہ وغیرہ کے لئے ایک باتصویر اخبار ہے -

انڈین نیشن - (انگریزی) ۱ گرزلین سکارسی ٹولہ کلکتہ سے شایع ہوتا ہے - قیمت معہ محصول چھ روپئے - فی کاپی چار آنے - مقصد :- علمی سوشل اور ملکی معاملات پر بحث -

انڈین واچ مین - (انگریزی) انگیت پوری بمبئی سے ہر مہینے کی پندرھویں ۱۵ تاریخ کو شایع ہوتا ہے - سالانہ چندہ ایک روپیہ آٹھ آنے معہ محصول ایک عیسائی اخبار ہے -

انڈین والنٹیر ریکارڈ اینڈ ملٹری نیوز (انگریزی) ۴۷ بنٹینک سٹریٹ کلکتہ سے مہینے میں دو بار شایع ہوتا ہے - سالانہ قیمت دس روپئے - مقصد :- ہندوستان اور سیلوں کے والنٹیروں کے متعلقہ معاملات پر بحث اور جنرل ملٹری خبریں -

انڈین وٹنس (انگریزی) چھیالیس ۴۶ دہرم ٹولہ سٹریٹ کلکتہ سے ہر جمعرات کو شایع ہوتا ہے - سالانہ قیمت چھ روپئے معہ محصول ڈاک - مقصد :- مذہب عیسوی -

آن گارڈ - (انگریزی) شملہ سے ماہوار شایع ہوتا ہے - قیمت سالانہ دو روپئے - آرمی ٹمپرنس ایسوسی ایشن کا آرگن ہے -

انگلش میل - (انگریزی) پی اینڈ او میل سٹیمر کی رسیدگی پر بمبئی سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے - سالانہ چندہ آٹھ روپئے - مقصد :- انگریزی خبریں -

انگلش مین (انگریزی) ۹ ہیر سٹریٹ کلکتہ سے ہر اتوار کو چھپ کر شایع ہوتا ہے - قیمت فی کاپی چار آنے - سالانہ پینتالیس ۴۵ روپئے - مقصد :- عام انگریزی خبریں -

انگلش مین اوورلینڈ میل - (انگریزی) ۹ ہیر سٹریٹ کلکتہ سے ہر جمعرات کو چھپ کر شایع ہوتا ہے - قیمت فی کاپی آٹھ آنے - سال بھر کے - [illegible] روپے عہ - مقاصد :- ہفتہ بھر کی خبروں کا خلاصہ انگلستان کے لئے -

انوار الاسلام (اُردو) سیالکوٹ سے مہینے میں دو بار شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ معہ محصول ڈاک دو روپیے۔ واعظینِ اسلام سے ایک روپیہ آٹھ آنے غیر مذاہب سے ایک روپیہ چار آنے۔ مقصد:۔ اسلام کے نور سے کفر و شرک کی تاریکی کو دُور کرنا وغیرہ۔

انوسندھانا (بنگالی) ۵۲ انوسندھانا ۲۰ پریس کلکتہ سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔ چندہ چار روپیے سالانہ۔ قیمت فی کاپی دو آنے۔ یہ ایک علمی رسالہ ہے جس میں سوشل۔ مذہبی اور ملکی مضامین ہوتے ہیں۔

او۔ اینگلو۔ لسی تانا (انگریزی اور پرتگالی) بمبئی سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت چار روپیے۔ لوکل پانچ روپیے بمبئی سے باہر اور چھ روپیے ہندوستان کے لئے۔ مقصد:۔ برٹش انڈیا کی پرتگالی کمیونٹی کا آرگن۔

اودھ اخبار (اُردو) نولِ کشور پریس لکھنؤ سے روزانہ اور ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔ قیمت (روزانہ) بیس ۲۰ روپیے اور ہفتہ وار نو ۹ روپیے۔ مقصد:۔ اُردو اور ہندی تعلیم کا نشوونما۔ فلسفہ۔ عام معاملات اور خبریں۔

اودھ پنچ۔ (اُردو) مطبع شام اودھ لکھنؤ سے شایع ہوتا ہے۔ چھ روپیے معہ محصول ڈاک تیرہ ۱۳ آنے سالانہ۔ مقاصد:۔ ملکی۔ تمدنی و اخلاقی اور پنچیانہ مضامین۔

اودھ ریویو۔ (اُردو) لکھنؤ سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت اعلیٰ کاغذ پر بارہ روپیے۔ اُس سے کم درجے کے کاغذ پر پانچ روپیے آٹھ آنے سالانہ اصول اور مقصد:۔ تمام ضروریات پر بحث کرنا۔ ایک ناول سلسلہ وار چھاپنا۔ اور ہر مہینے کسی مشہور آدمی کا فوٹوگراف دینا۔ (کچھ عرصے سے بند ہے۔)

اودھ سماچار (ہندی) نول کشور پریس لکھنؤ سے ہر مہینے کی ساتویں ۷ چودھویں ۱۴۔ اکیسویں ۲۱ اور اٹھائیسویں ۲۸ تاریخ کو شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ دو روپیے ہفتہ وار کے لئے۔ مقصد:۔ ترقی تعلیم و فلسفہ۔ اور عام معاملات پر بحث اور خبریں۔

اورینٹل میل۔ (انگریزی) چالیس ۴۰ نائن چند دت سٹریٹ کلکتہ سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ دو روپیے آٹھ آنے۔ ہندوستانی۔ لٹریچر۔ سائنس

اور آرٹ کو ترقی دینا اس کا مقصد ہے۔

اولڈ چرچ پیرش میگزین - (انگریزی) گیارہ مشن روڈ کلکتہ سے ہر مہینے کی پندرھویں تاریخ کو شائع ہوتی ہے۔ قیمت سالانہ ایک روپیہ آٹھ آنے مقصد:- مذہبی مضامین کے علاوہ بہت سے عام دلچسپی کے مضامین بھی ہوتے ہیں۔

ایپی فینی (انگریزی) آکسفورڈ مشن ہاؤس بیالیس ۴۲ کارنوالس سٹریٹ کلکتہ سے ہر ہفتہ کو شائع ہوتا ہے۔ چندہ اختیاری (تخمیناً چار آنے سالانہ) مقصد تعلیم یافتہ دیسیوں کو عیسائیت سے واقف کرنا۔

اینتھینیم اینڈ ڈیلی نیوز - اکتوبر سنہ ۱۸۴۰ء سے روزانہ - دو روزہ اور ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ چندہ ماہواری - روزانہ ایڈیشن دو اور چار روپے۔ دو روزہ تین اور چار روپیہ ایک آنہ - اور ہفتہ وار کے لئے ایک روپیہ آٹھ آنے۔

ایجوکیشن گزٹ (بنگالی) چنسورہ سے ہر جمعہ کو شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ پانچ روپے۔ عام ایڈیشن دو روپے۔ مقصد:- تعلیم۔

ایڈورڈ گزٹ (اردو) قصور سے ہر چہارشنبہ کو شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ معہ محصول ڈاک دو روپے ہے۔ مقصد:- عام اخباری مضامین۔

ایڈورڈ گزٹ (اردو) شاہجہان پور سے ہر جمعہ کو شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ معہ محصول ڈاک تین روپے آٹھ آنے۔ مقاصد:- گورنمنٹ کی وفاداری اور مفید عام مضامین۔

ایڈووکیٹ (انگریزی) امین آباد لکھنؤ سے ہفتہ میں دو بار یعنی منگل اور جمعہ کے روز شائع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ نو روپے دس آنے۔ مقصد:- پولیٹیکل۔

ایڈووکیٹ آف انڈیا - بمبئی سے ہر شام کو انگریزی میں شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ باشندگان بمبئی سے بیس ۲۰ روپے۔ اور بیرونجات سے تیئیس ۲۳ روپے۔ فی کاپی دو آنے۔ مقصد:- ایک آزاد نویس اخبار۔

الیسٹ (انگریزی) ماہوٹولی ڈھاکہ سے ہر ہفتہ کو شائع ہوتا ہے۔ چندہ پیشگی آٹھ روپے۔ مابعد دس روپے۔ مقاصد:- مشرقی بنگال کے تعلیم یافتہ

لوگوں کا ریپریزینٹیٹو۔

ایسٹرن پریس۔ (عربی اور عبرانی) تیرہ۱۳ ڈیوڈ جوزف لین کلکتہ سے ہر جمعہ کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ لوکل خریداروں سے پندرہ روپئے بیرونجات سے اٹھارہ روپئے۔ مقصد:۔ آزادانہ رائے اور عام خبریں۔

ایسٹرن سٹار (انگریزی) ستھیا تحقیم پریس سات سکینڈ لائین نیچ مدراس سے ہر سوم وار کو شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ پیشگی چار روپئے مابعد چھ روپئے۔ مقصد:۔ مذہبی۔ سوشل۔ ملکی۔ اور علمی خبریں۔

ایسٹ کوسٹ نیوز (انگریزی) والٹیر وزاگاپٹم سے ہر سوم وار کو شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ پانچ روپئے۔ مقاصد:۔ عام۔

ایسٹرن گارڈین (انگریزی) اگمور۔ مدراس سے ہر جمعرات کو شایع ہوتا ہے۔ چندہ ماہوار نو آنے مقصد:۔ سوشل۔ اخلاقی۔ تعلیمی اور ملکی معاملات جو جنوبی ہند کے یوریشین اور اینگلو انڈین ایسوسی ایشن کے لئے باعث دلچسپی ہوں۔

ایشین (انگریزی) اٹھانوے۹۸ کلائیو سٹریٹ کلکتہ سے ہر ہفتہ کو شایع ہوتا ہے۔ لوکل خریداروں سے چوبیس۲۴ روپئے۔ اور دیگر سے معہ محصول ستائیس۲۷ روپئے آٹھ آنے۔ مقصد:۔ کھیل و کود شکار اور ورزشوں کے متعلق تمام واقعات کا شایع کرنا۔

ایشین پاکٹ بک یا انڈین سپورٹس مینس گائیڈ ٹو دی ٹرف۔ (انگریزی) ہر سال یکم جنوری کو اٹھانوے کلائیو سٹریٹ کلکتہ سے شایع ہوتا ہے۔ قیمت یا چندہ سات روپئے آٹھ آنے۔ بمعہ محصول ڈاک سات روپئے بارہ آنے۔ ہندوستان۔ برہما۔ اور سیلون کی تمام گھوڑ دوڑوں اور بازیوں کا گائیڈ۔

ایگریکلچرسٹ شتکاری (مرہٹی) سنہ ۱۸۸۳ء سے مقام امراؤتی سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ دو روپئے چھ آنے۔ مقصد:۔ دیسی زراعت کی ترقی۔

ایگریکلچرل اینڈ آرٹ جرنل - یہ رسالہ سنہ ۱۸۹۵ء میں جاری ہوا تھا بنگالی زبان میں تھالیپور ایگریکلچرل سوسائٹی راج شاہی کی طرف سے ماہوار شائع ہوکر مفت تقسیم ہوتا ہے۔

اینگلو ورنیکلر اخبار (اردو و انگریزی) ہر ماہ کی پہلی۔ آٹھویں سولھویں اور چوبیسویں کو گوجرانوالہ سے شائع ہوتا ہے۔ قیمت چار روپئے۔ طلباء سے تین روپئے۔ ممالک بیرون سے بارہ شلنگ - مقصد - ملکی - اخلاقی مضامین اور واقعات۔

آیورویدک پرچارک (اردو) لاہور سے مہینے میں دو بار شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ عام خریداروں سے ایک روپیہ چار آنے طلباء سے ایک روپیہ مقصد حفظان صحت اور طب۔

ایوننگ میل (انگریزی) بنگلور سے ہفتے میں تین بار شائع ہوتا ہے سالانہ چندہ لوکل بارہ روپئے۔ مفصلات سولہ روپئے۔ مقصد - عام معاملات پر مندرجہ رائے۔

ب

باسمتی ۔ (بنگالی) ایک سو پندرہ ۱۱۵ ۔ دو گپے سٹریٹ کلکتہ سے ہر ہفتے کو شائع ہوتا ہے ۔ چندہ دو روپے سالانہ ۔ مقاصد:۔ معاملات ملکی ۔ سائنس علم ادب وغیرہ وغیرہ ۔

بالاسور سمبادہیکا (اڑیہ) سمنت پریس بالاسور سے ہر جمعرات کے روز شائع ہوتا ہے ۔ چندہ سالانہ دو روپے ہے ۔ مقصد:۔ ملکی معاملات علم ادب اور خبریں ۔

بال بدھ میوہ (مرہٹی) بمبئی سے ماہوار شائع ہوتا ہے ۔ چندہ سالانہ ایک روپیہ دو آنے ہے ۔ بچوں کا ایک باتصویر رسالہ ہے ۔

باابدہنی تپرکا (بنگالی) انیس ۱۹ ایتھونی بیگن لین کلکتہ سے ماہوار شائع ہوتا ہے ۔ چندہ دو روپے دس آنے سالانہ ۔ مقصد:۔ بنگال کے فرقہ اناث کو نئی روشنی سے منور کرنا ۔

بچوں کا اخبار ۔ (باتصویر) (اردو) کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے ماہوار شائع ہوتا ہے ۔ چندہ سالانہ دو روپے چھ آنے ہے ۔ اس قسم کا اور کوئی اردو اخبار ہندوستان میں شائع نہیں ہوتا ۔ مقاصد:۔ بچوں کی دلچسپی اور تربیت تعلیم ۔

بدھسٹ (انگریزی) قیمت سالانہ چار روپے ۔ یہ ایک مذہبی اخبار بودھ مذہب کا ہے ۔

بدھی پرکاش ۔ (گجراتی) احمد آباد سے سنہ ۱۸۵۳ء سے ماہوار جاری ہے ۔ چندہ سالانہ ایک روپیہ آٹھ آنے ۔ فی کاپی تین آنے ۔ مقصد:۔ گجراتی علم ادب کو ترقی دینا ۔

برٹش انڈین کیس ناظر سناگرہا ۔ بارسیال سے غیر معین مواقع پر شائع ہوتا ہے ۔ قیمت سالانہ معہ محصول پانچ روپے پانچ آنے ہے ۔ مقصد:۔ ہندوستانی قانون کا خلاصہ ۔

برٹش برہما اڈورٹائزر (انگریزی) سنہ ۱۸۷۶ء سے رنگون سے روزان چھپ کر مفت تقسیم ہوتا ہے۔ مقصد:- اشتہارات۔

بردوان سنجیبانی (بنگالی) بردوان سے ہر منگل کو شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ لوکل تین روپے۔ بیرونجات سے تین روپے بارہ آنے ایک سوسائٹی اور ملکی معاملات پر آزادانہ بحث کرنے والا متحدہ اخبار ہے۔

برمن میسنجر (برمی) امریکن بیپٹسٹ مشن پریس رنگون سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ ایک روپیہ چھ آنے۔ ایک مذہبی رسالہ ہے۔

برہما ڈائرکٹری اور ڈائری۔ (انگریزی۔ برمی۔ تامل اور چینی) ہر سال ماہ نومبر میں شایع ہوتی ہے۔ قیمت فی کاپی معہ محصول ڈاک دو روپے آٹھ آنے ہے۔ مقصد:- اپر اور لوئر برہما کے متعلق ہر قسم کے حالات۔

برہما گزٹ (انگریزی اور برمی) رنگون سے ہر ہفتہ کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ لوکل خریداروں سے بارہ۔ اور بیرونجات کے خریداروں سے پندرہ روپے اور قیمت فی کاپی آٹھ آنے ہے۔ مقصد:- گورنمنٹ کے احکام و نوٹسوں وغیرہ کو شایع کرنا۔

برہما گیانا بودھنی (تامل) نیشنل پریس بنگلور سے مہینے میں دو بار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ لوکل ایک روپیہ آٹھ آنے اور بیرونجات دو روپے۔ مقصد:- برہمو اصولوں کا پرچار۔

برہما ہیرلڈ نیوز۔ (برمی) رنگون سے روزانہ شایع ہوتا ہے۔ چندہ لوکل خریداروں سے بارہ روپے۔ بیرونجات کے خریداروں سے پندرہ روپے ہے۔

بروچ سماچار۔ (انگریزی و گجراتی) سنہ ۱۸۶۹ء سے جاری ہے۔ بروچ سے ہر جمعرات کو چھپ کر شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ دو روپے تیرہ آنے معہ محصول۔ مقصد:- ملکی اور عام خبریں۔

بشیر الاخبار۔ (اردو) بشیر پریس دہلی سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ چھ روپے ہے۔ مقصد:- اردو علم ادب کی ترقی۔ اور پولیٹیکل سوشل۔ مارل مضامین اور عام خبریں بہم پہنچانا۔

بلوچستان گزٹ (انگریزی) کوئٹہ سے روزانہ اور ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ بالترتیب چوبیس ۲۴ اور بارہ ۱۲ روپئے ہے۔ مقصد: ۔ پولیٹیکل سوشل وغیرہ

بلوچستان ہیرلڈ۔ (انگریزی) ہر سوموار کو کوئٹہ سے شایع ہوکر مفت تقسیم ہوتا ہے۔ مقصد: ۔ خبریں ایڈیٹوریل وغیرہ۔

بمبئی پنچ (باتصویر) بھنڈی بازار بمبئی سے ہر سوموار کو اردو میں شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ تین روپیے۔ مقصد: ۔ سوشل پولیٹیکل اور ہارل مذاقیہ مضامین وغیرہ۔

بمبئی ڈایوسیز ریکارڈ۔ (انگریزی) بی۔ ای۔ ایس پریس بائکلا بمبئی سے ہر سہ ماہی کے بعد شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ ایک روپیہ بلا محصول اور ایک روپیہ چار آنے معہ محصول۔ مقصد: ۔ علاقہ بمبئی میں عیسائی کام کی اشاعت۔

بمبئی کیتھالک اگزامنیر۔ (انگریزی) ۱۸۵۰ء میں جاری ہوا ہر ہفتے کو اگزامنیر پریس فورٹ بمبئی سے چھپ کر شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت لوکل خریداروں سے آٹھ روپئے۔ اور ہندوستان کے لئے دس روپئے معہ محصول ڈاک۔ کیتھالک عیسائی حقوق کی حفاظت اور تشریح۔

بمبئی گارڈین۔ (انگریزی) ہر ہفتے کو کھیتوادی مین روڈ بمبئی سے سے شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ پانچ روپئے۔ یا سات شلنگ چھ پنس ہے۔ مقصد: ۔ عیسائی مشنریوں اور مشنوں کے متعلق تمام واقعات اور خبریں شایع وغیرہ۔

بمبئی گزٹ۔ (روزانہ) بمبئی سے ہر صبح کو شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت لوکل خریداروں سے اٹھالیس ۴۸ روپئے۔ اور بیرونجات سے باون ۵۲ روپئے۔ مقصد: ۔ علمی۔ ملکی اور تاریخی ہفتے میں دوبار) چندہ لوکل خریداروں سے بارہ ۱۲ روپئے۔ مفصل سے دس ۱۰ روپئے۔ (ہفتہ وار) ۱۸۴۲ء سے جاری ہے۔ عمدہ موسم میں ہر ہفتے کو مانسون (برساتی موسم) میں ہر جمعہ کو شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ

لوکل بارہ روپیے مفصل دس روپیے۔

بمبئی گزٹ اوورلینڈ سمری ۔ (انگریزی) بمبئی سے ہر ہفتے وار کو شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ بارہ روپیے ہے ۔ مقصد :۔ ملکی ۔ علمی ۔ اور تاریخی ۔

بمبئی گزٹ پرائس کرنٹ (انگریزی) بمبئی سے ہر ہفتے کو شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت گیارہ روپیے ۱۲ آنے ہے۔ مقصد :۔ تجارتی ۔

بمبئی گزٹ ویکلی بجٹ (انگریزی) ہر ہفتے کو بمبئی سے شایع ہوتا ہے۔ چندہ بارہ روپیے سالانہ ہے۔ مقصد :۔ علمی ۔ ملکی اور تاریخی ۔

بمبئی مارکٹ رپورٹ اینڈ ٹریڈ پرائس (انگریزی) ۔ ٹائمز آف انڈیا بمبئی کے دفتر سے ہر ہفتے کو شایع ہوتی ہے۔ قیمت کاپی چار آنے اور چندہ سالانہ دس روپیے ۔ مقصد :۔ تجارتی رپورٹ ۔

بمبئی ویدھار ۔ (مرہٹی) کانڈیوادی سپردتی ورداپریس ۔ بمبئی سے روزانہ اور ہفتے وار شایع ہوتا ہے ۔ چندہ سالانہ چار روپیے آٹھ آنے ۔ اور دو روپیے چار آنے بالترتیب ہے ۔ مقصد :۔ ہر قسم کی اصلاح بحد اعتدال ۔

بمبئی بنک منیجر منتھلی (انگریزی) ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو بنک منیجر کرسچین ایسوسی ایشن اپالو بندر بمبئی کی طرف سے شایع ہوتا ہے ۔ اس ایسوسی ایشن کے ممبروں موئیدوں ۔ اور چندہ دہندوں کو مفت دیا جاتا ہے ۔ یہ بمبئی بنک منیجر کرسچین ایسوسی ایشن کا سرکاری آرگن ہے ۔

بندھاؤ (بنگالی) اگرنشی پریس ڈھاکہ سے ماہوار شایع ہوتا ہے ۔ چندہ سالانہ تین روپیے ہے ۔ مقصد :۔ علمی ترقی ۔

بنگا باسی ۔ (بنگالی) اٹھتیس ۳۸ ۔ دھبوانی چرن دت لین کلکتہ سے ہر ہفتے کو شایع ہوتا ہے ۔ چندہ سالانہ دو روپیے ۔ جو ہر حالت میں پیشگی لیا جاتا ہے ۔ مقصد :۔ مذہبی اور ملکی واقفیت ۔

بنگا باندھو ۔ (بنگالی) ڈھاکہ سے پندرہ ۱۵ روز کے بعد شایع ہوتا ہے ۔ چندہ ۲ دو روپیے چار آنے سالانہ

بنگا بھومی - ۹ مرزاپور سٹریٹ کلکتہ سے ہر منگل کو شایع ہوتا ہے - چندہ سالانہ دو روپئے ہے - مقصد:- سوشل -

بنگال آرمی لسٹ - (دیکھو انڈین آرمی لسٹ)

بنگال ٹائمز - (انگریزی) ڈہاکہ سے ہر بدھ اور ہفتے کو شایع ہوتا ہے - چندہ سالانہ چوبیس ۲۴ روپئے آٹھ آنے - مقصد:- کنسرویٹو اور بہبودی ملک -

بنگال سول لسٹ - (انگریزی) بنگال سیکریٹیریٹ بک ڈپو کلکتہ سے ہر سہ ماہی کے بعد شایع ہوتی ہے - اس میں بنگال گورمنٹ کے تمام گزٹیڈ عہدہ داروں کی فہرست اور اُن کی ملازمتوں کے حالات درج ہوتے ہیں قیمت فی کاپی تین روپئے ہے -

بنگال میگزین - (انگریزی) سنہ ۱۸۷۲ء میں جاری ہوا - ہیرلڈ پریس کلکتہ سے ماہوار شایع ہوتا ہے - چندہ سالانہ چھہ روپئے پیشگی - مقاصد:- مذہبی اور ملکی -

بنگالہ لاء رپورٹر - (بنگالی) ہیمن سنگھ سے دس ۱۰ روپئے سالانہ قیمت پر شایع ہوتا ہے - مقصد:- اُن قانونی پریکٹیشنروں کے لئے ہے - جو انگریزی نہیں جانتے -

بنگالی (انگریزی) سوموار کے سوائے روزانہ ۷۰ کولوٹولہ سٹریٹ سے شایع ہوتا ہے - قیمت لوکل خریداروں سے اٹھارہ ۱۸ روپئے - دیگر خریداروں سے بائیس ۲۲ روپئے - ہفتے میں دو بار یعنی منگل اور جمعہ کی ایڈیشن سات روپئے سالانہ - مقصد:- ملکی - اخلاقی - مذہبی اور سوشل معاملات پر بحث وغیرہ -

بنگالی گزٹ (بنگالی) بنگال سیکریٹیریٹ بک ڈپو کلکتہ سے ہر منگل وار شایع ہوتا ہے - چندہ سالانہ بارہ ۱۲ روپئے آٹھ آنے مع محصول ڈاک - مقصد:- احکام گورمنٹ کی اشاعت -

بنگالی مشنری گلینر - (بنگالی) کلکتے سے ہر مہینے کے پہلے

ہفتے میں چھپتا ہے۔ چندہ ایک روپیہ سالانہ۔ مقصد:۔ مشنری خبریں وغیرہ۔

بنگوبدا بیروکوسیکا۔ (بنگالی) ستره ۱۷ گوبند چند دھرلین کلکتے سے روزانہ شایع ہو کر مفت تقسیم ہوتا ہے۔ اس میں صرف اشتہار ہوتے ہیں۔

بنگابھومی (بنگالی) ۲۵ کالج سٹریٹ سے منگل وار کو شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ دو روپیے پیشگی۔ مقصد:۔ سوشل مسائل

بھارت پرکاش۔ (گجراتی) احمد آباد میں اٹھارہ ۱۸ جلدوں میں چھپتا ہے۔ چندہ تیس ۳۰ روپئے۔ مقصد:۔ مہابھارت کا ترجمہ چھاپنا۔

بھارت جیون۔ (ہندی) بنارس شہر سے ہر سوم وار کو شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ ایک روپیہ آٹھ آنے معہ محصول۔ مقاصد:۔ مذہبی اور سوشل۔

بھارت سدھار (اردو) سنہ ۱۹۰۹ء میں جاری ہوا۔ لاہور سے ہفتہ وار شایع ہوتا تھا۔ سالانہ چندہ دو روپیے آٹھ آنے۔ مقصد:۔ پولیٹیکل اور سوشل۔

بھارت مترا۔ (ہندی) ستانویں موکتا رام بابو سٹریٹ کلکتے سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔ چندہ دو روپیے سالانہ۔ مقاصد:۔ ملکی معاملات پر بحث۔

بھارت مرتنڈ (بھاشا) پرتاپ پریس جودھ سے ماہوار (شکلا پیرتی پدا) شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ دو روپیے چھ آنے۔ خاص مقصد:۔ پنڈت گٹو لال جی مرحوم ساکن بمبئی کی یادگار۔

کلکتہ جرنل آف انڈیا (انگریزی) ٹھیکر سپنک اینڈ کمپنی کلکتے سے ماہوار شائع ہوتا ہے - سالانہ قیمت پانچ روپئے یا چھ شلنگ محصول ڈاک معاف -

فورآنہ ریلوے گائیڈ - ٹھیکر سپنک اینڈ کمپنی کی طرف سے ماہوار شائع ہوتا ہے -

فورٹ سینٹ جارج گزٹ (انگریزی) - گورمنٹ پریس مدراس سے ہر منگل کو شائع ہوتا ہے قیمت فی کاپی آٹھ آنے - اور سالانہ چار روپئے - مقصد :- گورنمنٹ مدراس اور اس کے ماتحت مختلف صیغوں کے احکام اور اشتہارات شائع کرنا وغیرہ -

فورساد (گجراتی) بمبئی سے ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو شایع ہوتا ہے۔ چندہ تین روپیے سالانہ۔ یہ ایک علمی رسالہ ہے۔

فینکس (انگریزی) کراچی سے ہر بدھ اور ہفتے کے روز شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت لوکل خریداروں سے بارہ اور بیرون جات سے پندرہ روپیہ ہے۔ مقصد عام رائیں۔

ق

قاسم الاخبار (اینگلو اردو) چام راج پریس (بنگلور) سے ہر پیر اور جمعرات کو شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت گورنمنٹ سے اٹھارہ روپیے۔ عوام سے ۹ روپیے مقصد:۔ ملکی معاملات سوشل اور تجارتی خبریں۔

قیصر الاخبار (اردو) کرنال پنجاب سے ہفتے وار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ ۴ روپیے ۱۲ آنے۔ مقصد:۔ پولٹیکل اور سوشل مضامین پر بحث کرنا۔

قیصر ہند (گجراتی اور انگریزی) بمبئی سے ہر اتوار کو شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ چار روپیے۔ پانچ روپیے دس آنے معہ محصول۔ ایک آزاد نویس ترقی پذیر اخبار ہے۔

قیصری (مرہٹی) سادھاشیو لیہ پا سے ہر منگل وار کو شایع ہوتا ہے سالانہ قیمت ایک روپیہ تیرہ آنے معہ محصول۔ مقصد: ملکی تعلیم اور عام معاملات پر آزادانہ بحث۔

ک

کاٹھیاواڑ ٹائمز - کاٹھیاوار سے انگریزی میں روزانہ اور گجراتی میں ہفتے میں دو دفعہ شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ اکیس ۲۱ روپے چار آنے مع محصول ڈاک

کاسموپالیٹن (انگریزی) سیکولر پریس بھوانی پور کی طرف سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ تین روپے۔ مقصد:- سائنس اور آزادانہ خیالات کو پھیلانا۔

کاشف الاخبار - (اردو) گرگام بمبئی سے ہر جمعرات کو شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت بارہ ۱۲ روپئے۔ مقصد:- عام اور سائنٹیفک خبریں

کاشف العلوم (اردو) ہر قمری مہینے کے آخر میں دہلی سے شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ مع محصول ڈاک وغیرہ دو روپے نو آنے ششماہی پیشگی ایک روپیہ بارہ آنے۔ مقاصد:- مذہبی۔ اخلاقی اور طبی مضامین۔

کاشی پور نیباشی - (بنگالی) کاشی پور پریس۔ باریسال سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ لوکل ایک روپیہ۔ بذریعہ ڈاک ایک روپیہ آٹھ آنے۔ مقصد:- ملک کی خیرخواہی۔ لوکل عدالتوں اور دیگر لوگوں کے اشتہارات فروخت۔

کانپور اکسچینج گزٹ (انگریزی) ۵ چھاؤنی کانپور سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ دو روپے۔ مقصد:- لوکل خبریں اور اشتہارات

کائستھ کانفرنس گزٹ (اردو) لکھنؤ سے ہر مہینے کی دسویں۔ بیسویں اور تیسویں تاریخ کو شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت تین روپئے۔ مقصد:- کائستھوں کی سوشل۔ اخلاقی اور تعلیمی ترقی۔

کائستھ میسنجر (انگریزی) گیا سے ہر مہینے میں دو بار شایع ہوتا ہے۔

قیمت سالانہ تین روپے۔ مقصد:۔ سوشل اور اخلاقی ترقی کاشتقوں کی خصو اور عوام کی عموماً۔

کائمبٹور کریسنٹ (انگریزی اور تامل) کائمبٹور سے مہینے میں دوبار شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ تین روپے۔ مقاصد:۔ علمی۔ سوشل ملکی اور مذہبی۔

کپاس و تجارت (اُردو) لاہور سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ تین روپے ہے۔ مقاصد:۔ صنعت و حرفت و تجارت۔

کرزن گزٹ (اُردو) دہلی سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ قیمت چار روپے سالانہ۔ مقاصد:۔ علمی۔ مذہبی وغیرہ۔

کرسچین پیٹرایٹ (انگریزی) میتھوڈسٹ اپسکوپل پبلشنگ ہاؤس ماؤنٹ روڈ مدراس کی طرف سے ہر ہفتے کو شائع ہوتا ہے۔ ہندوستان برہما اور سیلون کے لئے سالانہ چندہ پانچ روپے۔ غیر ممالک کے لئے چھ روپے۔ مقصد:۔ عیسائی مشنریوں اور ہندوستانی عیسائیوں کے حالات۔

کرسچین فرینڈ (تامل) کرسچین ٹریکٹ سوسائٹی جافنا واقع سیلون کی طرف سے سہ ماہی وار شائع ہوتا ہے۔

کرسچین کالج میگزین (انگریزی) ۱۸۸۳ء سے جاری ہے۔ ہر مہینے کی دسویں تاریخ کو ایم۔ ای۔ چرچیس مدراس کی طرف سے شائع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ چار روپے محصول ڈاک چھ آنے۔ مقصد:۔ علم ادب۔ فلسفہ سائنس اور مذہب

کرسٹیو بندھاب (بنگالی) ہر مہینے کی پچیس ۲۵ تاریخ بپٹسٹ مشن پریس کلکتہ سے شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ بارہ آنے۔ ایک عیسائی مذہبی اخبار ہے۔

کرناٹک پترا (انگریزی) دھارواڑ سے ہر سوموار کو

شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ تین روپیہ علاوہ محصولڈاک ۔ مقصد :۔ مذہبی ملکی اور سوشل ۔

کرناٹک گرنتھ مالا دکناریی میسور سے ماہوار شایع ہوتا ہے ۔ سالانہ قیمت دو روپیہ آٹھ آنے مقصد : علمی ۔

کمرشل ٹریولرس گزٹ اینڈ ہوم اینڈ فارن ایڈورٹائیزر :۔ (انگریزی) بمبئی سے ماہوار چھپ کر مفت تقسیم ہوتا ہے ۔ مسافروں کے لیے ہر قسم کی تحقیقات بہم پہنچائی جاتی ہے ۔ اور ہندوستانی بندرگاہوں سے جہازوں کی روانگی روشنیاں کے ہر قسم اطلاعات سے متعلق حالات اس میں شایع ہوتے ہیں ۔

کلکتہ اسپیشل لسٹ آف دی اگزامینرز اینڈ اکاؤنٹس اسٹابلشمنٹ آف دی پبلک ورکس ملٹری ورکس اینڈ ٹیلیگراف ڈیپارٹمنٹس (انگریزی) ۔ انڈین ڈیلی نیوز پریس ۱۹ برٹش انڈین سٹریٹ کلکتے سے سالانہ شایع ہوتی ہے قیمت دو روپیہ ہے ۔

کلکتہ ایڈورٹائیزر (انگریزی) ۲ برٹش انڈین سٹریٹ سے روزانہ شایع ہوتا ہے چندہ ماہواری ڈیڑھ روپیہ ۔ مقاصد :۔ تجارتی

کلکتہ اسپورٹ ڈیلی لسٹ (انگریزی) کلکتے سے ہر روز شایع ہوتی ہے قیمت سالانہ پانچ روپیے ۔ مقصد : تجارتی اعداد و شمار شایع کرنا

کلکتہ اسپورٹ سمری (انگریزی) ۱۰ برٹش انڈین

سٹریٹ کلکتے سے ماہوار شائع ہوتی ہے قیمت سالانہ ساٹھ ۶۰ روپئے۔ فی کاپی پانچ ۵ روپئے۔ مقصد:۔ تجارتی۔

کلکتہ امپورٹ ڈیلی لسٹ (انگریزی)

یہ اخبار سرکاری تعطیلوں کے سوائے ہر روز چھپتا ہے۔ چندہ سالانہ پچاس ۵۰ روپئے۔ مقصد:۔ تجارتی شمار و اعداد شائع کرنا۔

کلکتہ امپورٹ سمری (انگریزی) ۲ برٹش انڈین

سٹریٹ کلکتے سے ماہوار چھپ کر شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ چھتیس ۳۶ روپئے۔ فی کاپی پانچ روپئے۔ مقصد:۔ تجارتی

کلکتہ ایکسچینج گزٹ اینڈ ڈیلی ایڈورٹائیزر۔

(انگریزی) ۱ لیون رینج کلکتے سے اتوار کے سوائے ہر روز شائع ہوتا ہے اور مفت تقسیم ہوتا ہے۔ مقصد:۔ کاروبار کے متعلقہ اشتہارات کا خالص ذریعہ

کلکتہ پرائس کرنٹ اینڈ منی مارکٹ رپورٹ

(انگریزی) ہر میل ڈے کو بنگال چیمبر آف کامرس کی طرف سے چھپ کر شائع ہوتا ہے۔ چندہ معہ محصول ڈاک اکیس ۲۱ روپئے دو آنے۔ مقصد:۔ سوداگری اس میں تجارت درآمد و برآمد کے صحیح اعداد اور قیمتیں دی جاتی ہیں

کلکتہ ٹریڈ کوریئر۔ (انگریزی) ۲۹ دھرم تلا سٹریٹ کلکتے سے

ماہوار چھپ کر مفت تقسیم ہوتا ہے۔ مقصد:۔ نازک اشیاء مثلاً زیورات۔ موتی اور دیگر متفرق چیزوں کے اشتہارات۔

کلکتہ جرنل آف میڈیسن۔ (انگریزی) ۱۵ سنکاری

ٹولہ کلکتے سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ پیشگی دس ۱۰ روپئے۔ مابعد بارہ ۱۲ روپئے۔ مقصد:۔ طبی اور دیگر سائنس۔

کلکتہ ریویو (انگریزی) سٹی پریس ۱۲ بنٹنک سٹریٹ کلکتے سے سہ

ماہی نادر شائع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ سولہ ۱۶ روپئے۔ فی کاپی چار آنے۔ مقاصد:۔

تاریخ سوانح عمریاں - ملکی معاملات - فلسفہ - علم ادب - فنون نادرہ - زراعت تجارت - قانون حالات سلطنت و حکومت اور اعداد و شمار -

کلکتہ سائینز آف دی ٹائمز - (انگریزی) ۸۰ دی ”سٹورس“ لال بازار کلکتے سے ماہوار شائع ہوتا ہے - سالانہ چندہ ایک روپیہ چار آنے مع محصول - مقصد: خاص طور سے اپنے کارخانے کے اشتہارات کا شائع کرنا

کلکتہ کسٹم ہاؤس ٹریڈ اینڈ نیویگیشن اکونٹس (انگریزی) کلکتے سے شائع ہوتا ہے - پہلی جلد پندرہ ۱۵ اگست اور دوسری جلد اگلی ۱۵ اگست کو چھپتی ہے - چندہ سالانہ ہر دو جلد معہ سالانہ رپورٹ کے بیس ۲۰ روپے مقاصد: ترقی تجارت کے حالات -

کلکتہ کمرشل گزٹ اینڈ ٹریڈ ایڈورٹائیزر (انگریزی) ۱/۱۳ ایمہرسٹ رڈ سے ہفتہ وار شائع ہو کر مفت تقسیم ہوتا ہے مقصد: اشتہارات کے ذریعہ سے ترقی تجارت

کلکتہ گزٹ (انگریزی) بنگال سیکرٹریٹ پریس کلکتے سے ہر منگل کو شائع ہوتا ہے - سالانہ چندہ لوکل خریداروں سے پندرہ ۱۵ اور مفصلات کے خریداروں سے بیس ۲۰ روپے - مقصد: گورنمنٹ کے احکام اور نوٹسوں کو مشتہر کرنا

کلکتہ ویکلی لسٹ آف مینیفسٹ آف ویسلز کلیرڈ (انگریزی) کلکتہ کسٹم ہاؤس سے ہر انگریزی میل ڈے کو شائع ہوتا ہے - چندہ سالانہ ۱۰۰ روپے علاوہ محصول ڈاک - فی کاپی بیس ۲ روپے - مقصد: تجارتی اعداد و شمار -

کلکتہ ویکلی نوٹس - (انگریزی) تین ۳ ہیسٹنگز سٹریٹ سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے - چندہ سالانہ دس روپے - ششماہی پانچ ۵ روپے آٹھ آنے - سہ ماہی تین روپے - مقصد: - قانونی رپورٹیں اور واقعات وغیرہ -

کلکتہ یونیورسٹی میگزین (انگریزی) یونیورسٹی انسٹیٹیوٹ کالج سکوئر کلکتہ سے ماہوار شائع ہوتا ہے قیمت لوکل دو روپے۔ بیرونجات دو روپے آٹھ آنے سالانہ۔ مقصد: تعلیم یونیورسٹی کی ترقی اور مختلف یونیورسٹیوں کے طلباء کا باہمی اتفاق

کمرشل اسٹیٹمنٹ آف امپورٹس اینڈ ایکسپورٹس گورنمنٹ پریس مدراس سے ماہوار شائع ہوتا ہے قیمت دو روپے آٹھ آنے

کو اپریٹو بنکس بلیٹن اینڈ گنجینہ عوام الناس۔ (اردو) ناظر قانون ہند پریس الہ آباد کی طرف سے ہر دوسرے مہینہ شائع ہوتا ہے۔ چندہ ویلیج بنکس (دیہاتی بنک) کے ممبروں کے لئے چودہ آنے اور عوام کے لئے ایک روپیہ دو آنے۔ مقصد: دیہاتی بنکوں کے متعلق تمام حالات کی رپورٹ

کوچین آرگس (انگریزی) ۱۳ اریڈس ڈیل روڈ کوچین سے ہر ہفتے کو شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ بارہ ۱۲ روپے تیرہ ۱۳ آنے۔ مقصد: خبروں کی اشاعت

کورگ ڈسٹرکٹ گزٹ۔ (انگریزی اور کناری) جیل پریس مرکارا کی طرف سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ ایک روپیہ آٹھ آنے۔ محصول ڈاک بارہ ۱۲ آنے۔ مقصد: گورنمنٹ کے احکام کی اشاعت

کوکب ہند (رومن اردو اور انگریزی) لکھنؤ سے ہر جمعرات کو شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ دو روپیئے۔ [illegible] میتھوڈسٹ ایپسکوپل چرچ شمالی ہند کا آرگن۔

کوٹنز اینڈ کمپنی المنیک (انگریزی) یہ جنتری ۱۹ لال بازار سٹریٹ کلکتہ سے سالانہ شائع ہوتی ہے۔ قیمت ایک روپیہ فی کاپی۔

کوہ نور (اُردو) لاہور سے ہر منگل وار کو شائع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ چھ روپے ہے۔ مقصد:۔ سوشل اور پولٹیکل۔ یہ اخبار غدر ۱۸۵۷ء سے ایک آدھ سال پہلے لاہور میں جاری ہوا تھا۔

کوہ نور۔ (گجراتی) بمبئی سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ تین روپے۔ مقصد:۔ عمدہ سے عمدہ فسانے۔ دلچسپ کہانیاں اور مضامین

کچہری سماچار (انگریزی ہندی اور اُردو) کچہری پریس شہر مرزاپور سے ہر ہفتے کو شائع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ ایک روپیہ نو آنے۔ مقصد:۔ پولٹیکل۔ سوشل۔ مارل اور مذہبی وغیرہ۔

کھیدا کھیتی وادی تیرا۔ (گجراتی) ندیاد۔ کیرا سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت پندرہ روپے مع محصول ڈاک مقصد:۔ ہندوستانی زراعت کی ترقی وغیرہ

کیپٹل۔ (انگریزی) ۹۰ کلائیو سٹریٹ کلکتے سے ہر جمعرات کو شائع ہوتا ہے۔ چندہ لوکل خریداروں سے تیس ۳۰ اور عوام سے چھتیس ۳۶۔ مقصد:۔ سوداگری تجارت اور مالی معاملات

کیتھالک ہیرلڈ آف انڈیا۔ (انگریزی) کیتھالک آرفن پریس کلکتے سے ہر بدھ وار کو شائع ہوتا ہے۔ چندہ خاص شہر کے لئے ۱۰ روپے۔ دیگر مقامات کے لئے بارہ ۱۲ روپے۔ مقاصد:۔ مذہبی اور ملکی۔

کیسری (مرہٹی) پونہ سے یہ ارزاں اخبار مسٹر تلک کے اہتمام سے شائع ہوتا ہے۔ قیمت دو روپے سالانہ مقاصد:۔ پولٹیکل اصلاح قوم۔

گ ل

گارڈنرس میگزین۔ (انگریزی) سنہ ۱۸۹۹ء میں جاری ہوا۔ اگری اور ہارٹی کلچرل نرسری گوپال نگر ڈ علی پور کی طرف سے ہر مہینے کی ۱۵ تاریخ کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ ایک روپیہ پیشگی۔ مابعد دو روپے مع محصول ڈاک۔ مقصد:۔ باغبانی۔ فلاحت۔ زراعت وغیرہ وغیرہ کا ریویو۔

گارڈننگ سرکلر (انگریزی) انڈین گارڈننگ ایسوسی ایشن ۱۵۱۱ اپر سرکلر روڈ کلکتہ کی طرف سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ دو روپے۔ مقاصد:۔ ایک ماہوار رسالہ باغبانی زراعت وغیرہ کے لئے

گارڈین آف ہیلتھ۔ (اردو) لاہور سے پانزدہ روزہ شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ دو روپے بارہ آنے۔ مقصد:۔ حفظان صحت۔

گجرات متر او گجرات درپن۔ (انگریزی و گجراتی) سورت سے ہر اتوار کو شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت چار روپے اور ایک روپیہ دس آنے محصول کے لئے۔ مقصد:۔ پولٹیکل اور سوشل

گجراتی۔ (اینگلو گجراتی) الفنسٹن سرکل سٹریٹ بمبئی سے ہر اتوار کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت تین روپے سالانہ۔ محصول ایک روپیہ دس آنے۔ مقصد:۔ معاشرتی۔ مذہبی اور سائنٹفک۔

گریٹ انڈین پننسولا ریلوے گائڈ (انگریزی) سنہ ۱۸۷۰ء میں جاری ہوا۔ ہر چہار مہینے کے بعد ٹائمز پرنٹنگ ورکس میں چھپ کر شایع ہوتا ہے۔ قیمت دو آنے فی کاپی۔ مقصد:۔ ریلوے ٹائم ٹیبل نقشہ انضباط اوقات ریلوے

گزٹ آف انڈیا۔ (انگریزی) گورنمنٹ سنٹرل پریس

[illegible] سٹریٹ کلکتے سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ پندرہ روپے انگلستان میں تیس روپے مع [illegible]۔ مقصد: [illegible]۔

[illegible] (اردو) خیرآباد لکھنؤ سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ قیمت [illegible] روپے سالانہ۔ مقصد: اردو علم ادب کی ترقی۔

گوالیار گزٹ (انگریزی و اردو) لشکر گوالیار سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ آٹھ روپے مع محصول ڈاک ایک روپیہ [illegible] مقصد: ریاستی احکام اور عام اشتہارات وغیرہ۔

[illegible] (ہندی) [illegible] سے روزانہ اور ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ روزانہ کی قیمت تین روپے سالانہ اور ہفتہ وار کی دو آنے۔ مقصد: پولیٹیکل، سوشل وغیرہ۔

گیرواناشی (سنسکرت) دھاروار سے پندرہ روزہ شائع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ ایک روپیہ۔ مقصد: سنسکرت زبان کی ترقی۔

لا جرنل (انگریزی) اسپلینیڈ مدراس سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ چندہ دس روپے۔ مقصد: قانون پیشہ اور [illegible]۔

لاہور پنچ (اردو) ہر پیر کو لاہور سے شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ چار روپے طالب علموں سے تین روپے۔ مذاق کا اخبار ہے۔

لائٹ آف دی ایسٹ (انگریزی) ہر مہینے شام بازار کلکتے سے شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ پانچ روپے۔ مقصد: ہندو فلسفہ اور مذہب [illegible]۔

لاہیرلڈ (انگریزی) الہ آباد سے ہر ماہ کے پہلے ہفتے میں شائع ہوتا ہے۔ چندہ چار روپے۔ مقصد: قانونی معاملات تازہ مقدمات۔

لائف لائن (انگریزی) ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو رنگون سے شائع ہوتا ہے۔ چندہ ایک روپیہ چھ آنے۔ مقصد: پرہیزگاری اور اصلاح۔

لبرل (اردو) اعظم گڑھ سے مہینے میں چار بار شائع ہوتا ہے۔ پیشگی قیمت سالانہ شہر سے بلا محصول دو روپے آٹھ آنے۔ بیرون جات سے معہ محصول پیشگی تین روپے۔ مقاصد: گورنمنٹ اور رعایا کی خیرخواہی اور انشا پردازی۔

[illegible] (انگریزی) ہر جمعہ کو الٰہ آباد سے شائع ہوتا ہے۔ چندہ پانچ روپے مع محصول۔ مقصد: دیسی رسالوں سے ہفتہ بھر کی خبریں [illegible] اخبار و رسالے۔

[illegible] (سندھی) ۱۸۹۱ - مالکان مسٹر [illegible] حیدرآباد سے [illegible] اور ہفتے میں دو بار شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ ۶ اور ۳ روپے۔ بالترتیب بلا محصول۔ مقصد: تجارت - زراعت - سائنس وغیرہ۔

لنکا ساسن - ہفتے وار تامل اور انگریزی میں کولمبو سے شائع ہوتا ہے۔ ۱۷ جنوری [illegible] سے جاری ہوا۔ چندہ چار روپے۔ مقصد: [illegible] کے فوائد کو آزادی سے تحریک دینا۔

لوک مِتر - (گجراتی) ہر جمعہ اور اتوار کو بمبئی سے شائع ہوتا ہے۔ [illegible] سے جاری ہے۔ چندہ سالانہ تین روپے۔ مقصد: سوشل، پولیٹیکل اور [illegible]

لی پیٹی بنگالی (فرانسیسی) چندر نگر سے ہفتے وار شائع ہوتا ہے۔ چندہ چار روپے مع محصول پانچ روپے۔ اگست [illegible] سے جاری ہے۔ مقصد: ہندوستان میں فرانسیسیوں کے فوائد کو ترقی دینا۔

لیک ریفلیکٹر انگریزی نینی تال سے ہر [illegible] کو شائع ہو کر مفت تقسیم ہوتا ہے۔ مقصد: لوکل خبریں اور اشتہارات

لیگل پریکٹیشنر - (انگریزی) [illegible] (دکن) سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ چندہ تین روپے ۸ آنے بلا محصول۔ مقصد: مقدمات کے وکلاء کے لئے قانونی امداد بہم پہنچانا۔

لبرٹی - (انگریزی) ہفتے وار لکھنؤ سے شائع ہوتا ہے۔ چندہ

شہر والوں سے چار روپئے - اور مضافات سے پانچ روپئے ۱۰ آنے مقصد: سوشل آزادی کی وکالت -

---

م

مارننگ پوسٹ (انگریزی) ولایت سے روزانہ شائع ہوتا ہے - قیمت سالانہ پچاس روپئے - مقاصد: کنسرویٹو اور امپیریلسٹ -

مارننگ اسٹار (انگریزی) انگلستان سے ماہوار شائع ہوتا ہے سالانہ قیمت ایک روپیہ - مقاصد: مذہبی اور عام خبریں -

مارننگ اسٹار - (تامل - انگریزی) پاکشک - جافنا سیلون سے مہینے میں دو بار شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ ایک روپیہ اور پچیس سینٹ - مقصد: پروٹسٹنٹ فرقہ کا آرگن -

مارواڑی گزٹ (مارواڑی) پندرہ روز میں [illegible] کلکتہ سے شائع ہوتا ہے - چندہ سالانہ ایک روپیہ - مقصد: مارواڑی سوشل -

ماہ شہرا (اردو) امرتسر سے ماہوار شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ مع محصول ڈاک ایک روپیہ چار آنے - مقاصد: علمی - اخلاقی - مجلسی تجارتی - زراعتی اور تواریخی مضامین -

مجلہ طبیہ (اردو) ہر ہفتہ دہلی سے شائع ہوتا ہے - قیمت سالانہ دو روپئے - مقاصد: ملک کو طب یونانی سے مستفید کرنا - اور علم طب کی ملکی زبان (اردو) میں اشاعت کرنی وغیرہ وغیرہ - مدرسہ طبیہ دہلی کا آرگن ہے -

متر (ہندی) بابو گنگا پرشاد گپتا دیپالی کھپرا بنارس شہر کی طرف سے ماہوار شائع ہوتا ہے - مقصد: ہندی ناولوں کا شائع کرنا -

متر ولاس (ہندی) ہر بدھ وار کو لاہور سے شائع ہوتا تھا -

سالانہ قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے ۔ مقصد ۔ ہندو مذہب اور تعلیم

مجیب عالم (اردو) ایک ہفتہ وار باتصویر رسالہ فریدآباد سے پہلے اخبار تھا ۔ اب ماہوار رسالہ کی صورت دیا جاتا ہے ۔ اس کا پہلا نمبر [illegible] شائع ہوا تھا ۔ [illegible] دلچسپ اور مفید مضامین چھپتے ہیں ۔ اس میں یہ التزام رکھا گیا ہے کہ کوئی مضمون خلاف تہذیب نہ چھپنے پائے ۔

محمڈن (انگریزی) ہفتہ وار مدراس سے ہر جمعرات کو شائع ہوتا ہے ۔ قیمت سالانہ بارہ روپیہ ۔ دو شنبہ وار [illegible] آٹھ روپیہ پیشگی ۔ مقصد ۔ اسلامی معاملات ۔

محمڈن اینگلو اورینٹل کالج میگزین (انگریزی و اردو) ہر مہینے علی گڑھ سے شائع ہوتا ہے ۔ سالانہ تین روپیہ چار آنے ۔ مقصد ۔ تعلیمی اور قومی ۔

مشیر ۔ (اردو) ہر جمعہ کو ہفتہ وار شائع ہوتا ہے ۔ سالانہ قیمت تین روپیہ مع محصول ڈاک ۔ مقام اشاعت ۔ پول گنج ۔ مالک اور مہتمم ۔

مخزن (اردو) ماہوار ۱۹۰۱ء سے لاہور سے اردو علم و ادب کا ایک اعلیٰ رسالہ شائع ہوتا ہے ۔ قیمت سالانہ [illegible] تین روپیہ آٹھ آنے [illegible] روپیہ کچھ کم ہے ۔

مسلم (انگریزی و اردو) ہر ہفتے الٰہ آباد سے شائع ہوتا ہے ۔ سالانہ چندہ دو روپیہ ۔ مقصد ۔ مذہبی اور سیاسی [illegible] کو ترقی کام دینا ۔

مدراس المناک اینڈ ڈائرکٹری (انگریزی) ہر سال جنوری کو مدراس سے شائع ہوتی ہے ۔ قیمت ایک روپیہ [illegible] کی جلد ایک روپیہ آٹھ آنے ۔

مدراس ٹائمز ہفتہ وار (انگریزی) ہر بدھوار کو مدراس سے شائع ہوتا ہے ۔ سالانہ چندہ بارہ روپیہ ۔ مقصد ۔ عام

خبریں۔

مدراس ٹائمز (روزانہ) (انگریزی) ہر صبح و شام مدراس سے شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ مع محصول چار روپے چودہ آنے مقصد: تمام خبریں

مدراس جرنل آف لٹریچر اینڈ سائنس (انگریزی) کبھی کبھی مدراس سے شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ دو روپے مع محصول۔ مقصد:۔ سائنس اور لٹریچر کو ترقی دینا۔

مدراس ریلوے گائڈ۔ (انگریزی اور تامل) سہ ماہی وار مدراس سے شائع ہوتی ہے۔ انگریزی گائڈ کی قیمت دو آنے۔ تامل کی ایک آنہ مقصد:۔ ریلوے کے اوقات اور ضروری باتوں سے اطلاع دہی۔

مدراس ریویو۔ (انگریزی) مدراس سے سہ ماہی وار شائع ہوتا ہے۔ چندہ سات روپے۔ مقصد:۔ علمی پولیٹکل سوشل

مدراس سٹینڈرڈ (انگریزی) مدراس سے ہر روز اور ہفتے میں تین بار شائع ہوتا ہے۔ روزانہ کا چندہ اٹھائیس روپے بارہ آنے۔ تین بار کا دس روپے ماہوار۔ مقصد:۔ عام خبریں اور پالٹیکس۔

مدراس کرسچین انٹیلیجنسر (تامل ملیالم) مدراس سے ہر ہفتے کو شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ دو روپے۔ مقصد:۔ عیسائیوں کی بہتری۔

مدراس کرسچین کالج میگزین۔ (انگریزی) مدراس سے ہر مہینے کی پندرہ تاریخ کو شائع ہوتا ہے۔ چندہ چار روپے۔ مقصد:۔ لٹریچر فلسفہ سائنس اور مذہب

مدراس کوارٹرلی سول لسٹ (انگریزی) مدراس سے سہ ماہی وار شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ تیرہ روپے۔ مقصد:- احاطہ مدراس کے حکام اور عہدہ داروں کے حالات سے آگاہی۔

مدراس لا ٹائمز (انگریزی) دفتر لا ٹائمز مدراس سے ہر بدھ کو شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ دس روپے۔ مقصد:- قانونی امور۔

مدراس لا جرنل (انگریزی) سکاٹش پریس مدراس سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ بارہ ۱۲ روپے۔ مقصد:- قانونی مباحثہ۔ نکتہ چینی نوٹس۔ رپورٹ اور خلاصہ۔

مدراس لیگل کمپینین (انگریزی) وزاگاپٹم سے ہر مہینے شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ معہ محصول چار روپے۔ قانونی معاملات پر بحث۔

مدراس میل (انگریزی) مدراس سے ہر روز شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ بلا محصول چوالیس ۴۴ روپے۔ معہ محصول چوّن روپے۔ مقصد:- عام خبریں۔

مدراس میل۔ (ہفتے وار) (انگریزی) ہر جمعرات کو مدراس سے شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ سولہ ۱۶ روپے۔ مقصد:- تمام خبریں۔

مرسلہ کشمیر (اردو۔ ہندی) لکھنؤ سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ چھ روپے پیشگی۔

مرچنٹ۔ ہر جمعرات کو کانپور سے شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ بیس روپے۔ مقصد:- موسم اور نرخ کی اطلاع۔ دستکاری اور تجارت کے متعلق خبریں۔

مرہٹہ۔ (انگریزی) ہر اتوار کو پونے سے شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ چار روپے۔ مقصد:- پولیٹکل سوشل مذہبی اور علمی۔

مزرعۃ الزراعت (ناگری اردو) میرٹھ سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ تین ۳ روپے۔ مقصد:- زراعت۔

مسلم کرانیکل اینڈ محمڈن آبزرور - (انگریزی) ۱ - ۷ عماد علی لین - کلکتے سے ہر ہفتے کو شایع ہوتا ہے قیمت سالانہ دس ۱۰ روپئے - مقصد:- پولیٹکل سوشل - اور علمی اور مسلمان کمیونٹی کی ترقی۔

مشیر دکن (روزنامہ) اُردو میں مطبع دکن پنچ حیدر آباد سے شایع ہوتا ہے - قیمت عام خریداروں سے بارہ ۱۲ روپئے پیشگی - مقصد:- ایڈیٹوریل مضامین تاروں کی خبریں اور مراسلات وغیرہ شایع کرنا۔

مفصلیٹ (انگریزی) کوہ مسوری سے ہر ہفتے شایع ہوتا ہے - وہاں کے باشندوں کے لئے مفت - بیرونجات سے سالانہ چندہ چھ ۶ روپئے - مقصد:- لوکل خبریں بہم پہنچانا۔

مفید عام اخبار (اُردو) آگرے شہر سے مہینے میں تین ۳ بار شایع ہوتا ہے - سالانہ قیمت دس ۱۰ روپئے - مقصد:- پالیٹکس سوشل اصلاح اور عام خبریں۔

ملٹری نیوز - (ہندی) لدھیانہ پنجاب سے ہر ہفتے شایع ہوتا ہے - سالانہ چندہ مع محصول چار ۴ روپئے بارہ ۱۲ آنے - مقصد:- ہندوستان برہما اور غیر ممالک کی فوجی خبریں۔

منتھلی پرائس کرنٹ (بنگالی و انگریزی) ۱۸۹۶ء میں جاری ہوا - ۹ کینگ سٹریٹ کلکتے سے شایع ہوتا ہے - مقصد:- روزمرہ کی مختلف ضروریات کی قیمتیں مشتہر کرنا - اور کلکتے کی منڈی کی حالت سے لوگوں کو واقف کرنا مفت تقسیم ہوتا ہے۔

منتھلی سرکلر آف برٹش اینڈ فارن لٹریچر - (انگریزی) ۲۰۰ - اپر سرکلر روڈ کلکتے سے ماہوار شایع ہوکر مفت تقسیم ہوتا ہے - مقصد:- برٹش اور ممالک غیر کے مصنفوں کے چیدہ تصنیفات لوگوں کے ہاتھوں میں پہنچانا۔

منتھلی سرکلر آف دی پنجاب میوچل ہندو فیملی ریلیف فنڈ (انگریزی و ورنیکلر) لاہور سے ماہوار شایع ہوکر

ممبروں میں مفت تقسیم ہوتا ہے۔ عوام سے قیمت سالانہ چھ آنے مقصد:۔ فنڈ سے متعلقہ معاملات

منتھلی کمرشل گائیڈ (انگریزی) کلکتے سے دو حصوں میں شائع ہوتا ہے۔ حصۂ اول (تجارت درآمد) ہر مہینے کی ساتویں تاریخ کو اور حصۂ دوم (تجارت برآمد) تیرھویں ۱۳ تاریخ کو۔ چندہ سالانہ ۱۰۰ روپئے بلا محصول ڈاک مقصد:۔ تجارتی حالات و اعداد۔

منڈالے ٹائمز۔ (برہمی) ہفتے میں دو بار پیر اور جمعہ کو منڈالے سے شائع ہوتا ہے۔ چندہ ماہوار ایک روپیہ۔

منڈالے ہیرالڈ (انگریزی) منڈالے سے منگل جمعرات اور سنیچر کو شائع ہوتا ہے۔ چندہ ماہوار معہ محصول دو روپئے آٹھ آنے۔ مقصد:۔ انصاف و عدل۔

مولمین اڈورٹائزر اینڈ تناسرم نیوز۔ (انگریزی) اسٹرانڈ روڈ مولمین سے ہر منگل۔ جمعرات اور ہفتے کو شائع ہوتا ہے۔ ماہوار قیمت تین ۳ روپئے مقصد:۔ آزادانہ رائے۔ اور پبلک کی ترقی۔

مولونجن انیڈ بندھا چندریکا (مرہٹی) پونہ سے ہر مہینے کے آخیر میں شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ دو روپئے معہ محصول چھ آنے مقصد:۔ ترقی تعلیم۔

موہیلا (بنگالی) ۱۳ رام ناتھ موزمدار سٹریٹ کلکتے سے ہر بنگالی مہینے کے آخیر میں شائع ہوتا ہے۔ قیمت دو روپئے سالانہ معہ محصول ڈاک۔ مقصد:۔ ہندو لیڈیوں کو علم کی روشنی سے منور کرنا۔

مہاراشٹری مہیلا۔ (مرہٹی) گرگاؤں (بمبئی) سے ہر مہینے کی پندرہ ۱۵ تاریخ کو شائع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ دو روپئے آٹھ آنے مقصد:۔ تعلیم نسواں کی ترقی اور اس پر بحث۔

مہر نیمروز۔ (اُردو) ۱۸۸۶ء سے بجنور سے ہفتہ وار شائع ہوتا

ہے۔ کچھ عرصے سے اس کا نام عروج مہر نیمروز ہوگیا ہے۔ چندہ ششماہی پانچ ۵ روپے آٹھ ۸ آنے۔ اور سالانہ نو روپے آٹھ ۸ آنے۔

میسور سٹینڈرڈ - البرٹ وکٹر روڈ بنگلور سے شایع ہوتا ہے۔ مقصد: - زراعتی - تجارتی - صنعتی وغیرہ علم ورنیکلر خواندہ اشخاص میں پھیلانا۔

میسور گورنمنٹ گزٹ (انگریزی) بنگلور سے ہر جمعرات کو شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت پانچ ۵ روپئے چار آنے مع محصول ڈاک مقاصد: - گورنمنٹ میسور کی سرکاری کتابیں اور احکام وغیرہ شایع کرنا۔

مینیجر (انگریزی) ہر مہینے کلکتے سے شایع ہو کر مفت تقسیم ہوتا ہے مقصد: مذہبی۔

میکلینز گائڈ ٹو بمبئی اینڈ بمبئی ڈائرکٹری (انگریزی) ہر سال بمبئی سے شایع ہوتی ہے قیمت مجلد پانچ ۵ روپے مقصد: - بمبئی کے حالات سے آگاہی اور تاریخی حالات۔

میگزین ہند (اردو انگریزی) ایک ضمیمہ کے ساتھ میرٹھ سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ ایک روپیہ چار آنے۔ مقصد: - اخلاقی اور سائنٹفک۔

میمائرز آف دی جیولاجیکل سروے آف انڈیا (انگریزی) وقتاً فوقتاً کلکتے سے شایع ہوتی ہے۔ چندہ حجم اور مضامین کے لحاظ سے ہوتا ہے۔ مقصد: - سائنس اور ملکی پیداوار پر بحث۔

میونسپل اینڈ ڈسٹرکٹ بورڈ گزٹ (اردو) دہلی سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت بارہ ۱۲ روپئے۔ معمولی گذارہ آدمیوں سے چھ ۶ روپئے۔ مقاصد: - ہندوستان اور ممالک ملحقہ کی مونسپل کمیٹیوں اور ڈسٹرکٹ بورڈوں کے حالات - پولٹیکل - سوشل اور مارل خبریں اور عام مضامین۔

میہر وسوڈالر۔ (بنگالی) کلکتے سے ہفتے وار شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ ۲ دو روپے۔ مقصد:۔ مذہبی۔ سوشل۔ پالٹیکل تاریخی

ن

نارتھ انڈین چرچ مشنری گلینر۔ (انگریزی) ۱۰ اشٹن رد کلکتے سے ہر مہینے کے پہلے ہفتے میں شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ مع محصول ڈاک ۲ دو روپے چار آنے۔ بلامحصول ایک روپیہ ۱۲ آنے۔ لوکل ۱۴ چودہ آنے مقاصد:۔ عیسائی پادریوں کے حالات وغیرہ۔

ناسک منورنجن۔ گرگام (بمبئی) سے ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو شایع ہوتا ہے چندہ سالانہ دو روپے۔

ناصح (اُردو) ہر مہینے مین چار ۴ بار پریم پرچارک پریس راولپنڈی سے شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ ۲ دو روپے آٹھ آنے۔ مقاصد:۔ اخلاقی اور سوشل اور تجارتی مضامین۔

ناگپور اینڈ برار ٹائمز۔ (انگریزی و مرہٹی) ناگپور سے ہر ہفتے کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ ۵ پانچ روپے۔ لوکل خریداروں سے چار ۴ روپے۔

نالج۔ (انگریزی) دہاروار سے ہر اتوار کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ ۳ تین روپے ۱۳ تیرہ آنے۔ مقصد:۔ ملکی معاملات۔ لٹریچر۔ سائنس۔ فلسفہ دستکاری وغیرہ۔

ناول (انگریزی) ۳۲ صفحوں پر کوئی ناول نکلتا ہے۔ امین آباد لکھنؤ سے شائع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے۔ مقصد:۔ فسانوں کے ذریعے سے لٹریچر پھیلانا۔

نسیم آگرہ (اُردو) آگرے سے ہر مہینے مین چار بار شائع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت ۳ تین روپے شہر والوں سے۔ اور ۵ پانچ روپے

مفصلات سے۔ مقصد:۔ سوشل اصلاح اور پولیٹیکل مضامین۔

نصرت الاخبار۔ (اردو) دہلی سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ بارہ ۱۲ روپئے۔ مقصد:۔ خبریں۔ پالٹیکس اور لٹریچر۔

نظارہ عالم اور چائل پنچ (اردو۔ الہ آباد سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ عوام سے دس ۱۰ روپئے۔ طلباء سے پانچ ۵ روپئے۔ مقصد:۔ خدمت ملک و مالک

نظام الملک (اردو) مراد آباد سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ بارہ ۱۲ روپئے بارہ آنے۔ مقصد:۔ پبلک کو فائدہ پہنچانا۔

نور افشان (اردو و انگریزی) لدھیانہ مشن پریس کی طرف سے ہر جمعہ کو شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ اردو ایڈیشن کے لیے دو روپئے پانچ آنے۔ انگریزی تین ۳ روپئے آٹھ آنے۔ اردو اور انگریزی یکجا تین ۳ روپئے آٹھ آنے۔ مقصد:۔ سوشل۔ مذہبی۔ (عیسائی)

نور علوم۔ (گجراتی) ۱۲۱۔ میڈوز سٹریٹ فورٹ بمبئی سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ مع محصول تین ۳ روپئے۔ مقصد:۔ سائنٹفک اور لٹریری مضامین۔

نیٹو اوپینین۔ (اینگلو مرہٹی) گرگام سے ہر بدھ وار اور اتوار کو شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت دس ۱۰ روپئے مع محصول ڈاک۔ مقصد:۔ قومی۔ ملکی۔ اور صنعتی

نیشنل ایکو۔ (انگریزی) کلکتے سے ہفتے وار شایع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت چار ۴ روپئے۔ مقصد:۔ دیسی حقوق کی وکالت۔

نیشنل گارڈین (انگریزی) بادشاہ گنج بانکی پور سے ہر دسویں اور پچیسویں ۲۵ تاریخ کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ تین ۳ روپئے

مقصد ۔ باشندگانِ ہندوستان کا اخلاقی اور ذاتی نشو ونما۔

نیشنل میگزین ۔ (انگریزی) کلکتے سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ چھ روپے ۶ پیشگی ۔ اور آٹھ روپے ۸ مابعد ۔ مقاصد: تاریخ ۔ سوانح عمریاں ۔ مذہبی معاملات ۔ سائنس اور آرٹ ۔

نیر اعظم (اردو) مراد آباد سے ہفتے وار شائع ہوتا ہے ۔ قیمت بارہ ۱۲ ۔ چھ ۶ ۔ اور چار ۴ روپے سالانہ مقصد ۔ پولیٹیکل ۔ سوشل اور مارل وغیرہ ۔

نیلگری نیوز اور سوئتھ آف انڈیا آبزرور (انگریزی) سنہ ۱۸۹۳ء میں جاری ہوا ۔ اوٹکمنڈ سے ہر منگل جمعرات اور ہفتے کو شائع ہوتا ہے ۔ سالانہ قیمت پتلا کاغذ پندرہ ۱۵ روپے ۔ موٹا کاغذ پچیس ۲۵ روپے ۔ مقصد: لوکل اور جنرل واقفیت ۔

نیو انڈیا ۔ (انگریزی) کلکتے سے روزانہ اور ہفتے وار شائع ہوتا ہے ۔ قیمت سالانہ دو ۲ روپے (ہفتے وار) اور پندرہ روپے ۱۵ (روزانہ) مقصد ہندوستانیوں کی ملکی اور اخلاقی حالت کو ترقی دینا ۔

نیوز (انگریزی) پینتیسویں ۳۵ سٹریٹ رنگون سے ہر مہینے کی پندرھویں ۱۵ تاریخ کو شائع ہوتا ہے ۔ قیمت سالانہ ایک روپیہ چھ ۶ آنے ۔ مقصد: ۔ بپٹسٹ مشن کی خبریں ۔

نیوز مین (مرہٹی) بمبئی سے ہر اتوار کو شائع ہوتا ہے ۔ قیمت سالانہ دو روپے ۔ مقصد ۔ سوشل ریفارم

نیو لایٹ (انگریزی) مہوٹلی ۔ ڈھاکے سے مہینے میں دو بار شائع ہوتا ہے ۔ قیمت سالانہ دو روپے ۔ مقاصد: نیو ڈسپنسیشن چرچ کے اصولوں کو پھیلانا ۔

نیومنیز انڈین بریڈشا ۔ ریلوے ٹائم ٹیبل سنہ ۱۸۶۶ء میں جاری ہوا ۔ چار ۴ ڈلہوزی سکوئیر کلکتے سے ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو

شایع ہوتا ہے۔ قیمت فی کاپی آٹھ آنے۔ سالانہ پانچ روپے۔

و

وائس آف انڈیا۔ (انگریزی) بمبئی سے ہر ہفتے کو شائع ہوتا ہے۔ قیمت چھ روپے سالانہ۔ مقصد:۔ ہندوستان کے دیسی اخبارات سے ضروری مضامین اقتباس کرنا وغیرہ۔

وچار ریفلکٹس (مرہٹی) دھارواڑ بمبئی سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ گیارہ آنہ معہ محصول۔ مقصد: مشرقی لٹریچر، فلسفہ آرٹ سائنس اور پالٹیکس وغیرہ۔

ودیا دائینی۔ (کناری) جی۔ ٹی۔ اے پریس میسور سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ طلباء کے لئے ایک روپیہ۔ مقصد:۔ استادوں اور طلباء کے لئے ایک تعلیمی رسالہ۔

وطن۔ (اردو) لاہور سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔ قیمت چار روپے سالانہ۔ ممالک بیرون سے۔ اشلنگ سالانہ۔ مقصد:۔ اسلامی۔ ملکی تجارتی و تمدنی معاملات۔

وکٹوریہ پیپر۔ (اردو) سیالکوٹ سے ہفتہ میں پانچ مرتبے اور ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ (روزانہ) بیس روپے اور (ہفتہ وار) تیرہ روپے۔ مقصد:۔ ملکی اور قومی۔

وکیل (اردو) روز بازار پریس امرتسر سے ہر دوشنبہ و جمعہ کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ عام خریداروں سے سات روپے طلباء وغیرہ سے پانچ روپے۔ ممالک بیرون سے ۱۲ شلنگ۔ مقصد:۔ ملکی۔ قومی اخلاقی وغیرہ۔

ویسپری میگزین (انگریزی) ویسپری مدراس سے ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت فی کاپی تین آنے۔ ایک عیسائی

مذہبی اخبار رہے گے۔

ویسٹرن انڈیا ٹرف کلف شیٹ کیلنڈر۔ (انگریزی) انگلیبرج اینڈ کمپنی بمبئی کی طرف سے مہینے میں دو بار شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ بارہ ۱۲ روپے۔

ویسٹرن سٹار۔ (انگریزی) ترا وندرم ٹراونکور سے ہر بدھ وار اور ہفتے کو شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ پیشگی بارہ ۱۲ روپئے۔ مابعد پندرہ ۱۵ روپئے۔ مقصد:۔ عام خبریں اور ملکی معاملات

ویسٹ کوسٹ سپکٹیٹر (انگریزی) ویسٹ کوسٹ پریس کالی کٹ سے ہر جمعرات اور اتوار کو شائع ہوتا ہے چندہ سالانہ بارہ ۱۲ روپئے۔ مقاصد:۔ ہندوستان کی پولیٹکل اور سوشل حالت کو ترقی دینا۔

ویکیس نیوز (انگریزی) لکھنؤ سے ہر ہفتے کو شائع ہوتا ہے سالانہ قیمت بارہ ۱۲ روپے پیشگی۔ مقصد:۔ لبرل

ویکلی سیلون ابزرور۔ (انگریزی) کولمبو۔ سیلون سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ بیس ۲۰ روپئے پیشگی۔ مقصد:۔ لوکل خبریں وغیرہ۔

ویکلی کرانکل (انگریزی) سلہٹ آسام سے ہر منگل وار کو شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ چار ۴ روپئے معہ محصول۔ مقصد:۔ ملکی۔ قومی اور تعلیمی معاملات پر بحث وغیرہ۔

ومنیس فرینڈ۔ (بنگالی) چھیالیس ۴۶ دھرم ٹولہ سٹریٹ کلکتے سے پانزدہ روزہ شائع ہوتا ہے۔ اور محصول ڈاک کے علاوہ مفت تقسیم ہوتا ہے۔ عورتوں اور بچوں کے لئے اچھا رسالہ ہے۔

وینا پانی (بنگالی) اہیری ٹولہ کلکتے سے ماہوار شائع ہوتا

ہے۔ قیمت معہ محصول بارہ آنے سالانہ۔ مقاصد: پالٹیکس سلف گورنمنٹ سوسائٹی اور آرٹ

ونیدھاجنانا وستار۔ (مرہٹی) بمبئی سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ تین روپے چھ آنے۔ مقصد: خبروں کے ذریعہ ناخواندہ لوگوں کی ترقی۔

ولیکا چنتامانی۔ (تامل) ٹریپلیکین مدراس سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ قیمت موٹا کاغذ پانچ روپے۔ پتلا کاغذ تین روپے۔ مقصد: مفید علوم کا لوگوں میں پھیلانا۔

ہ

ہاربنجر (انگریزی) لاہور سے ہر پہلی اور پندرھویں تاریخ کو شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ ایک روپیہ آٹھ آنے۔ مقاصد: ٹمپرنس اور سوشل ریفارم اور گوشت خوری سے پرہیز کی سعی۔

ہاروسٹ فیلڈ (انگریزی) میسور شہر سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ دو روپے۔ مقصد: ایک مشنری میگزین۔

ہتائشی (بنگالی) سوابازار راج بتی کلکتے سے ہر منگل وار کو شائع ہوتا ہے۔ قیمت دو روپے۔ مقصد: علمی۔ معاشرتی۔ اور ملکی معاملات پر بحث۔

ہتابادی۔ (بنگالی) کلکتے سے ہر جمعہ کو شائع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ دو روپے۔ مقاصد: ملکی۔ سوشل اور علمی ہے

ہتکاری۔ (اردو) ہر سنیچر کو امرتسر سے شائع ہوتا ہے قیمت سالانہ عوام سے معہ محصول دو روپے۔ مقصد: جسمانی علمی اور مجلسی ترقی۔

ہمدردِ ہند - (اُردو) لاہور سے ہر ہفتے کو شائع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت تین ۳ روپے ہے۔ مقاصد:- پولٹیکل اور سوشل مضامین۔

ہنتھاوادی ویکلی ریویو - (برہمی) ہنتھاوادی پریس رنگون سے ہر ہفتے کو شائع ہوتا ہے۔ سالانہ قیمت سات روپے دس آنے محصول ڈاک معاف مقصد:- عام خبریں۔

ہندو - (انگریزی) ۱۰۰ ماؤنٹ روڈ مدراس سے روزانہ۔ ہفتے میں تین ۳ مرتبے۔ اور ہفتے وار شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ بالترتیب ۳۴ و ۱۸ و ۹ روپے ہے۔ مقصد:- پولٹیکل اور عام خبریں وغیرہ۔

ہندو آرگن (انگریزی و تامل) یہ پندرہ ۱۵ روزہ اخبار جافنا سے شائع ہوتا ہے۔ چندہ لوکل چار ۴ روپے۔ دیگر مقامات اور ہندوستان پانچ روپے اور ۵۰ سینٹ۔ مقصد:- ملکی معاملات اور ہندو دھرم۔

ہندو پتریکا - (سنسکرت و بنگالی) جیسور سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ ایک روپیہ آٹھ آنے۔ مقصد:- ہندو سوشل۔ اخلاقی اور مذہبی اصلاح۔

ہندو سٹرائیٹ (انگریزی) ۲-۱۱۰ ارستار وڈ کھبوانی پور سے روزانہ شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ لوکل چوبیس ۲۴ روپے۔ مفصلات تیس ۳۰ روپے۔ مقصد:- ملکی واقفیت کو پھیلانا۔ اور ملکی معاملات پر عام بحث۔

ہندو جنابم سکارنی یا ہندو ریفارمر - (تلیگو) مدراس سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ تین ۳ روپے۔ مقصد:- مذہبی اور سوشل خبریں۔

ہندو ریفارمر - (تلیگو) مدراس سے تین ۳ روپے۔ چندہ سالانہ پر ماہوار شائع ہوتا ہے۔ مقصد:- مذہبی اور سوشل خبریں۔

ہندوستان (انگریزی اور ہندی) انگریزی ایڈیشن ۔ ہر پیر بدھ اور جمعہ کو اور ہندی ایڈیشن روزانہ کالاکانکر اودھ سے شایع ہوتی ہے۔ سالانہ چندہ انگریزی ایڈیشن ۔ چھ ۶ روپے معہ محصول۔ اور ہندی ایڈیشن دس ۱۰ روپے معہ محصول۔ مقصد:۔ ہندوستان کی ملکی اور سوشل حالت کو ترقی دینا۔

ہندوستان ریویو۔ (مع کائستھ سماچار) (انگریزی) الہ آباد سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ چار ۴ روپے بارہ آنے ہے۔ ایڈیٹر مسٹر سہنا ہیں۔ مقصد:۔ ایک پولیٹیکل ریویو۔

ہندوستانی (اردو) امین آباد لکھنؤ سے ہفتہ وار شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ تین ۳ روپے۔ مقصد:۔ ملکی۔

ہندی بنگا باسی (ہندی) ۳۸-۲ بھوانی چرن دت سٹریٹ کلکتے سے ہر پیر کو شایع ہوتا ہے۔ قیمت دو ۲ روپے سالانہ مقصد:۔ ہندی لٹریچر اور ہندو دھرم کا پرچار کرنا۔

ہندی پرادیپ (ہندی) الہ آباد سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ سالانہ چندہ تین ۳ روپے چھ ۶ آنے ۔ مقصد:۔ ہندی لٹریچر کو ترقی دینا۔

ہوم میسنجر اینڈ ایسوسی ایشن ریکارڈ آف دی ینگ مینز کرسچین ایسوسی ایشن اینڈ ینگ ویمنز کرسچین ایسوسی ایشن ۔ (انگریزی) کولمبو سے ماہوار شایع ہوتا ہے۔ چندہ سالانہ دو ۲ روپے۔ مقصد: نام سے ظاہر ہے۔

میسور اینڈ کورگ میگزین (انگریزی) بنگلور سے سالانہ شایع ہوتا ہے۔ چندہ پانچ ۵ روپے آٹھ آنے ۔ اور چار ۴ روپے

انگلش اسٹینڈرڈ کے مطابق۔ مقصد:- جنتری اور دیگر مفید معلومات۔

ینگ مین آف انڈیا۔ (انگریزی) ۸۶ کالج سٹریٹ کلکتے سے ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ ایک روپیہ۔ مقصد:- ینگ مینز کرسچین ایسوسی ایشن سیلون و ہندوستان کا قومی آرگن ہے۔ نوجوانوں کی روحانی۔ اخلاقی۔ تعلیمی۔ امداد کرنا۔ اس کا خاص مقصد ہے۔

یوگا وششٹھ رامائن (گجراتی) بمبئی سے شائع ہوتا ہے۔ یوگا وششٹھا کا گجراتی ترجمہ چھاپنا۔

یونائیٹڈ پراونسز آگرہ و اودھ گورنمنٹ گزٹ (انگریزی) الہ آباد سے ہر ہفتے کو شائع ہوتا ہے۔ قیمت سالانہ ۱۰ روپے۔ اردو نو روپے۔ مقصد:- گورنمنٹ احکام۔ اشتہارات اور تجاویز وغیرہ شائع کرنا۔

یونائیٹڈ سروس کرانیکل دہلی سے ہفتہ وار شائع ہوتا ہے۔

یونیورسل ایڈورٹائزر (انگریزی و اردو) بشیر پریس دہلی سے ماہوار شائع ہوتا ہے۔ اور مفت تقسیم ہوتا ہے۔ مقصد:- قومی۔ اخلاقی اور تاریخی مضامین اور خبریں اور ہندوستان اور اس سے باہر ہر قسم کے کاروبار کے حالات۔